اَلْبَابُ الثَّانِي عَشَرَ:

شَرَفُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کا عزّ و شرف﴾

۱. فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کے شرف کا بیان﴾

۲. فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

۳. فَصْلٌ فِي أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ لَا تَجْتَمِعُ عَلَى الضَّلَالَةِ

﴿اس اُمت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے کا بیان﴾

۴. فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَخْشَى عَلَى أُمَّتِهِ أَنْ تُشْرِكَ بَعْدَهُ

﴿حضور ﷺ کو اپنے بعد اُمت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ تھا﴾

۵. فَصْلٌ فِي بَعْثِ الْأَئِمَّةِ الْمُجَدِّدِيْنَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اس اُمت میں ائمہ مجددین کے بھیجے جانے کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿ اُمتِ محمدیہ کے شرف کا بیان ﴾

٨٠١ / ١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَأَجِدُ النَّبِيَّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْعَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ، هٰؤُلَاءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قَالَ: هٰؤُلَاءِ أُمَّتُکَ، وَهٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوْا لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ. ثُمَّ

الحديث الرقم ١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: يدخل الجنَّة سبعون ألفا بغير حسابٍ، ٥ / ٢٣٩٦، الرقم: ٦١٧٥، وفى كتاب: الطب، باب: مَنِ اكْتَوَى أو كَوَى غيرَهُ، وفضل من لم يَكْتَوِ، ٥ / ٢١٥٧، الرقم: ٥٣٧٨، وفى كتاب: الطب، باب: من لَمْ يَرْقِ، ٥ / ٢١٧٠، الرقم: ٥٤٢٠، وفى كتاب: الأنبياء، باب: وفاة موسى وذكرِهِ بعدُ، ٣ / ١٢٥١، الرقم: ٣٢٢٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، ١ / ١٧٩۔ ١٩٩، الرقم: ٢١٦۔ ٢٢٠، والترمذى فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (١٦)، ٤ / ٦٣١، الرقم: ٢٤٤٦، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤ / ٣٧٨، الرقم: ٧٦٠٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٣ / ٤٤٧۔ ٤٤٨، الرقم: ٦٠٨٤، ٦٤٣٠، والدارمى فى السنن، ٢ / ٤٢٢، الرقم: ٢٨٠٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٢٧١، الرقم: ٢٤٤٨، وأبو يعلى فى المسند، ٩ / ٢٣٣، الرقم: ٥٣٤٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٨ / ٢٤١، الرقم: ٦٠٥۔

قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: زَادُعُ اللهَ أَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ: سَبَقَکَ بِهَا عُكَّاشَةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھ پر (تمام) امتیں پیش کی گئیں پس ایک نبی گزرنے لگا اور اس کے ساتھ اس کی امت تھی ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ اس کے ساتھ چند افراد تھے، ایک نبی کے ساتھ دس آدمی، ایک نبی کے ساتھ پانچ آدمی، ایک نبی صرف تنہا، میں نے نظر دوڑائی تو ایک بڑی جماعت نظر آئی میں نے پوچھا: اے جبرئیل! کیا یہ میری امت ہے؟ عرض کیا: نہیں، بلکہ (یا رسول اللہ!) آپ افق کی جانب توجہ فرمائیں، میں نے دیکھا تو وہ بہت ہی بڑی جماعت تھی۔ عرض کیا: یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو ستر ہزار ان کے آگے ہیں ان کے لئے نہ حساب ہے نہ عذاب، میں نے پوچھا: کس وجہ سے؟ انہوں نے کہا: یہ لوگ داغ نہیں لگواتے تھے، غیر شرعی جھاڑ پھونک نہیں کرتے تھے، شگون نہیں لیتے تھے اور اپنے رب پر (کامل) بھروسہ رکھتے تھے۔ حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض کیا: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ، اسے ان لوگوں میں شامل فرما۔ پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گیا۔''

٨٠٢ / ٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي قُبَّةٍ، فَقَالَ:

الحديث الرقم ٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: كيف الحشر، ٥/٢٣٩٢، الرقم: ٦١٦٣، وفي كتاب: الأيمان والنذور، باب: كيف كانت يمين النبي ﷺ، ٦/٢٤٤٨، الرقم: ٦٢٦٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: كون هذه الأمة نصف أهل الجنة، ١/٢٠٠، الرقم: ٢٢١، والترمذي في السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في صف أهل الجنة، ٤/٦٨٤، الرقم: ٢٥٤٧، وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٢، الرقم: ٤٢٨٣، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٤٠٩، الرقم: ١١٣٣٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٨٦، الرقم: ٣٦٦١، والبزار في المسند، ٥/٢٣٧، الرقم: ١٨٥٠۔

أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَذَلِكَ أَنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَمَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَحْمَرِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ہم ایک قبہ (یعنی مکان) میں تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ اہلِ جنت کا تہائی حصہ تم (میں سے) ہو؟ ہم نے عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے! مجھے امید ہے کہ تم (تعداد میں) اہل جنت میں سے نصف ہو گے اور وہ یوں کہ جنت میں مسلمان کے سوا کوئی داخل نہیں ہو گا اور مشرکوں کے مقابلے میں تم یوں ہو جیسے کالے بیل کی جلد پر ایک سفید بال یا سرخ بیل کی جلد پر ایک کالا بال۔‘‘

۸۰۳ / ۳۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ رضي الله عنهما عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ، ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَأَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْأُمَمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث الرقم ۳: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: صفة الجنة عن رسول اللہ ﷺ، باب: ما جاء فی کم صَفّ أهل الجنّة، ۴/ ۶۸۳، الرقم: ۲۵۴۶، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ۲/ ۱۴۳۴، الرقم: ۴۲۸۹، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۵/ ۳۴۷، الرقم: ۲۲۹۹۰، ۲۳۰۵۲، ۲۳۱۱۱، والدارمی فی السنن، ۲/ ۴۳۴، الرقم: ۲۸۳۵، وابن حبان فی الصحیح، ۱۶/ ۴۹۸، الرقم: ۷۴۵۹، والبزار فی المسند، ۵/ ۳۶۸، الرقم: ۱۹۹۹، وابن أبی شیبة فی المصنف، ۶/ ۳۱۵، الرقم: ۳۱۷۱۳، والحاکم فی المستدرک، ۱/ ۱۵۵، الرقم: ۲۷۳، والطبرانی فی المعجم الصغیر، ۱/ ۶۷، الرقم: ۸۲، فی المعجم الأوسط، ۲/ ۷۷، الرقم: ۱۳۱۰، وفی المعجم الکبیر، ۱۰/ ۱۸۴، الرقم: ۱۰۳۹۸، وأبو یعلی فی المعجم، ۱/ ۱۸۳، الرقم: ۲۱۱۔

''حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی (۸۰) صفیں میری اُمت کی ہوں گی اور باقی تمام امتوں کی صرف چالیس (۴۰) صفیں ہوں گی۔''

٨٠٤ / ٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْجَنَّةُ حُرِّمَتْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى أَدْخُلَهَا، وَحُرِّمَتْ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر اس وقت تک حرام کر دی گئی ہے جب تک میں اس میں داخل نہ ہو جاؤں اور تمام اُمتوں پر اس وقت تک حرام ہے جب تک کہ میری امت اس میں داخل نہ ہو جائے۔''

٨٠٥ / ٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ، وَمَا اسْتُكْرِهُوْا عَلَيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الثَّلَاثَةِ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث الرقم ٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١ / ٢٨٩، الرقم: ٩٤٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠ / ٦٩، والهندي في كنزل العمال، ١١ / ٤١٦، الرقم: ٣١٩٥٣۔

الحديث الرقم ٥: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الطلاق، باب: طلاق المكره والناسي، ١ / ٦٥٩، الرقم: ٢٠٤٣، وابن حبان عن بن عباس رضى الله عنهما في الصحيح، ١٦ / ٢٠٢، الرقم: ٧٢١٩، والحلكم في المستدرك، ٢ / ٢١٦، الرقم: ٢٨٠١، والدارقطني في السنن، ٤ / ١٧٠، الرقم: ٣٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٤ / ١٧٢، الرقم: ٢٠٤، وعبد الرزاق نحوه في المصنف، ٦ / ٤١٠، الرقم: ١١٤١٧، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ٣ / ٩٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧ / ٣٥٦، الرقم: ١٤٨٧١، والطبراني في المعجم الصغير، ٢ / ٥٢، الرقم: ٧٦٦ وفي المعجم الأوسط، ٨ / ١٦١، الرقم: ٨٢٧٣، وفي المعجم الكبير، ٢ / ٩٧، الرقم: ١٤٣٠، وفي مسند الشاميين، ٢ / ١٥٢، الرقم: ١٠٩٠۔

’’حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے خطا، نسیان اور جبر و اکراہ معاف فرما دیا ہے۔‘‘

٨٠٦ / ٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ عزوجل تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ بِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کی دل کی باتوں (یعنی وساوس وخیالات) کو معاف فرما دیا ہے جب تک وہ اس پرعمل نہ کرے یا زبان سے نہ کہے۔‘‘

٨٠٧ / ٧۔ عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ رَضِيَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ الْيُسْرَ وَكَرِهَ لَهَا الْعُسْرَ قَالَهَا ثَـلَاثًا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِرِجَالِ الصَّحِيْحِ.

’’حضرت محجن بن ادرع سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس امت (محمدیہ) کے لئے آسانی کو پسند فرمایا ہے اور (اس کے لئے) تنگی کو ناپسند فرمایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ جملہ تین مرتبہ بیان فرمایا۔‘‘

الحديث الرقم ٦: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تجاوز الله عن حديث النفس والخواطر بالقلب إذا لم تستقر، ١ / ١١٦، الرقم: ١٢٧، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الطلاق، باب: من طلّق فی نفسه ولم يتكلم به، ١ / ٦٥٨، الرقم: ٢٠٤٠، والنسائی فی السنن الكبرى، ٣ / ٣٦٠، الرقم: ٥٦٢٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٢٥٥، الرقم: ٧٤٦٤، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢ / ٥٢، الرقم: ٨٩٨، وابن حبان فی الصحيح، ١٠ / ١٧٩، الرقم: ٤٣٣٥، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٤ / ٨٥، وأبويعلى فی المسند، ١١ / ٢٧٦، الرقم: ٦٣٨٩، والبيهقی فی شعب الإيمان ١ / ٢٩٩، الرقم: ٣٣٢۔

الحديث الرقم ٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٠ / ٢٩٨، الرقم: ٧٠٧، والهيثمی فی مجمع الذوائد، ٤ / ١٥، والحارث فی المسند (زوائد الهيثمی)، ١ / ٣٤٣، الرقم: ٢٣٧۔

٨٠٨ / ٨۔ عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ: يَوْمًا سَجَدَ النَّبِيُّ ﷺ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ حَتَّى ظَنَنَّا أَنْ نَفْسَهُ قُبِضَتْ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: رَبِّي اسْتَشَارَنِي...... وَفِيْهِ: وَأَحَلَّ لَنَا كَثِيْرًا مِمَّا شَدَّدَ عَلَى مَنْ قَبْلَنَا وَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْنَا فِي الدُّنْيَا مِنْ حَرَجٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت حذیفہ ﷺ سے مروی ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے اتنا طویل سجدہ فرمایا کہ ہم نے گمان کیا شاید آپ ﷺ کا وصال اقدس ہوگیا ہے پھر جب آپ ﷺ سجدہ سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میرے رب نے مجھ سے میری امت کے بارے میں مشورہ طلب کیا...... اس میں بیان فرمایا: اور ہمارے لئے وہ بہت سی چیزیں حلال کر دیں جو ہم سے قبل (امتوں پر) ممنوع تھیں اور ہم پر اس دنیا میں کوئی تنگی (روا) نہیں رکھی۔''

٨٠٩ / ٩۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ، فَأَنْظُرَ إِلَى بَيْنَ يَدَيَّ، فَأَعْرِفَ أُمَّتِي مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ، وَمِنْ خَلْفِي مِثْلُ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَمِيْنِي مِثْلُ ذٰلِكَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَكَ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ فِيْمَا بَيْنَ نُوْحٍ إِلَى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوْءِ، لَيْسَ أَحَدٌ كَذٰلِكَ غَيْرُهُمْ، وَأَعْرِفُهُمْ أَنَّهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ، وَأَعْرِفُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ ذُرِّيَّتُهُمْ.

الحديث الرقم ٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٣٩٣، الرقم: ٢٣٣٨٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٥ / ٣٩٣۔

الحديث الرقم ٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٥، والحاكم فى المستدرك، ٢ / ٥٢٠، الرقم: ٣٧٨٤، وابن حبان نحوه فى الصحيح، ٣ / ٣٢٤، الرقم: ١٠٤٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣ / ١٧، الرقم: ٢٧٤٥، والطيالسى فى المسند، ١ / ٤٨، الرقم: ٣٦١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١ / ٩١، الرقم: ٢٨٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١ / ٢٢٥: ٢ / ٢٥٠: ١٠ / ٣٤٤ وقال: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ۔

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہی سب سے پہلا شخص ہوں گا جسے قیامت کے دن (بارگاہِ الٰہی میں) سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور میں ہی ہوں گا جسے سب سے پہلے سر اٹھانے کی اجازت ہو گی۔ سو میں اپنے سامنے دیکھوں گا اور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان بھی پہچان لوں گا۔ اسی طرح اپنے پیچھے اور اپنی داہنی طرف بھی انہیں دیکھ کر پہچان لوں گا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان کیسے پہچانیں گے جبکہ ان میں حضرت نوح علیہ السلام کی امت سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت تک کے لوگ ہوں گے؟...... آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے اعضاءِ وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے اور ان کے سوا کسی اور (امت) کے ساتھ ایسا نہیں ہو گا اور میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور انہیں پہچان لوں گا کہ ان کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہو گی۔''

۸۱۰ / ۱۰۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَكَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَکَ؟ قَالَ: أَعْرِفُهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ. وَأَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ فِي وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ، وَأَعْرِفُهُمْ بِنُوْرِهِمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت ابوذر اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما سے مروی ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے روز ضرور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان پہچان لوں گا۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کی پیشانیوں پر سجدوں کا اثر ہوگا اور میں انہیں ان کے نور سے پہچان لوں گا جو ان کے آگے آگے دوڑ رہا ہو گا۔''

الحديث الرقم ۱۰: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۵ / ۱۹۹، الرقم: ۲۱۷۸۸۔

۸۱۱ / ۱۱۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضی الله عنه يَقُوْلُ: تَخْرُجُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُلَّةٌ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ الشَّمْسِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حَسَابٌ وَلَا عَذَابٌ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُم مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ أَعْظَمِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ، فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ، ثُمَّ يَجِيءُ رَبُّکَ عزوجل ثُمَّ يُوْضَعُ الْمِيْزَانُ وَالْحِسَابُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ قیامت کے روز روشن پیشانیوں اور چمکتے ہاتھ پاؤں والے لوگوں کی ایک جماعت نمودار ہوگی جو افق پر چھا جائے گی ان کا نور سورج کی طرح ہوگا سو ایک ندا دینے والا ندا دے گا ’’نبی اُمِّی‘‘ پس اس نداء پر ہر امی نبی متوجہ ہوگا لیکن کہا جائے گا (کہ اس سے مراد) محمد ﷺ اور ان کی امت ہے سو وہ جنت میں داخل ہوں گے ان پر کوئی حساب اور عذاب نہیں ہو گا پھر اس طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی جن کی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہوں گے۔ ان کا نور چودھویں کے چاند کی طرح کا ہوگا اور ان کا نور افق پر چھا جائے گا سو پھر ندا دینے والا ندا دے گا اور کہے گا ’’نبی اُمِّی‘‘ پس اس ندا پر ہر اُمّی نبی متوجہ ہوجائے گا لیکن کہا جائے گا: اس ندا سے مراد حضور نبی اکرم ﷺ اور ان کی امت ہے پس وہ بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں

الحديث الرقم ۱۱: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبير، ۸ / ۱۷۳، الرقم: ۷۷۲۳، وفی مسند الشاميين، ۲ / ۲۰۱، الرقم: ۱۱۸۵، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱۰ / ۴۰۹۔

گے پھر اسی طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی ان کی (بھی) پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے۔ ان کا نور آسمان میں بڑے ستارے کی طرح ہوگا ان کا نور افق پر چھا جائے گا پس ندا دینے والا آواز دے گا: ’’نبی اُمّی‘‘، پس اس پر ہر امی نبی متوجہ ہوجائے گا، کہا جائے گا: (اس سے مراد بھی) محمد اور ان کی امت ہے۔ پس وہ بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے پھر آپ ﷺ کا رب (اپنی شان کے لائق) تشریف لائے گا پھر میزان وحساب قائم کیا جائے گا۔‘‘

۸۱۲ / ۱۲۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران، ۳: ۱۱۰]، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً، أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت بہز بن حکیم بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمان الٰہی: ’’تم بہترین امت ہو جو سب لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے ظاہر کی گئی ہے۔‘‘ کے بارے میں فرمایا: تم ستر (۷۰) اُمتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔‘‘

الحديث الرقم ۱۲: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة آلِ عمران، ۵ / ۲۲۶، الرقم: ۳۰۰۱، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ۲ / ۱۴۳۳، الرقم: ۴۲۸۷، ۴۲۸۸، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۳ / ۶۱، الرقم: ۱۱۶۰۴: ۴ / ۴۴۷: ۵ / ۳، والحاکم فی المستدرک، ۴ / ۹۴، الرقم: ۶۹۸۷، والبيهقی فی السنن الکبری، ۹ / ۵، والطبرانی فی معجم الکبير، ۱۹ / ۴۱۹، الرقم: ۱۰۱۲، ۱۰۲۳، وعبد بن حميد فی المسند، ۱ / ۱۵۶، الرقم: ۴۱۱، والرويانی فی المسند، ۲ / ۱۱۵، الرقم: ۹۲۴، وابن المبارک فی الزهد، ۱ / ۱۱۴، الرقم: ۳۸۲۔

٨١٣ / ١٣۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، نُكَمِّلُ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، سَبْعِيْنَ أُمَّةً. نَحْنُ آخِرُهَا وَخَيْرُهَا.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

”حضرت بہز بن حکیم بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم قیامت کے دن ستر (٧٠) اُمتوں کی تکمیل کریں گے اور ہم سب سے آخری اور سب سے بہتر ہوں گے۔“

٨١٤ / ١٤۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی الله عنه يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُعْطِيْتُ مَا لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ. فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا هُوَ؟ قَالَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُعْطِيْتُ مَفَاتِيحَ الْأَرْضِ وَسُمِّيْتُ أَحْمَدَ وَجُعِلَ التُّرَابُ لِي طَهُوْرًا وَجُعِلَتْ أُمَّتِي خَيْرَ الْأُمَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

”حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے وہ کچھ عطا کیا گیا جو (سابقہ) انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو نہیں عطا کیا گیا۔ ہم نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میری رعب و دبدبہ سے مدد کی گئی اور مجھے زمین (کے تمام خزانوں) کی کنجیاں عطا کی گئیں اور میرا نام احمد رکھا گیا اور مٹی کو بھی میرے لئے پاکیزہ قرار دیا گیا اور میری امت کو بہترین امت بنایا گیا۔“

الحديث الرقم ١٣: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢ / ١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٧۔

الحديث الرقم ١٤: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ٦ / ٣٠٤، الرقم: ٣١٦٤٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٩٨، الرقم: ٧٦٣، ١٣٦١، والبيهقی فی السنن الكبری، ١ / ٢١٣، الرقم: ٩٦٥، واللالكائي فی اعتقاد أهل السنة، ٤ / ٧٨٣، الرقم: ١٤٤٣، ١٤٤٧، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٢ / ٣٤٨، الرقم: ٧٢٨۔ ٧٢٩، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١ / ٢٦٠، ٨ / ٢٦٩۔

۸۱۵ / ۱۵۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ. فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا. وَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا وَأُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ. وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَإِنَّ رَبِّي قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَإِنِّي أَعْطَيْتُکَ لِأُمَّتِکَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَأَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ: مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِکُ بَعْضًا وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین کو میرے لئے لپیٹ دیا اور میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔ عنقریب میری حکومت وہاں تک پہنچے گی جہاں تک میرے لئے زمین لپیٹی گئی۔ مجھے (قیصر و کسریٰ کے) دو

الحديث الرقم ۱۵: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض، ٤/ ۲۲۱۵، الرقم: ۲۸۸۹، والترمذی فی السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، باب: ما جاء فی سوال النبي صلی الله علیه وآله وسلم ثلاثا فی أمته، ٤/ ٤٧٢، الرقم: ۲۱۷٦، وأبو داود فی السنن، كتاب: الفتن والملاحم، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤/ ٩٧، الرقم: ٤٢٥٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ۲۷۸، الرقم: ۲۲٤٤٨، ۲۲٥٠٥، والبزار فی المسند، ٨/ ٤١٣، الرقم: ٣٤٨٧، والحاكم فی المستدرك، ٤/ ٤٩٦، الرقم: ٨٣٩٠، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/ ٣١١، الرقم: ٣١٦٩٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/ ١٠٩، الرقم: ٦٧١٤، والبيهقی فی السنن الكبری، ٩/ ١٨١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/ ٢٩٦، الرقم: ٣٣٤٧۔

خزانے سرخ اور سفید دیئے گئے۔ میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بارے میں سوال کیا کہ انہیں قحط سالی سے ہلاک نہ کیا جائے اور نہ ان پر ان کے غیر سے دشمن مسلط کرے جو انہیں مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اور بے شک میرے رب نے مجھے فرمایا: اے محمد مصطفیٰ! میں جب ایک فیصلہ کر لیتا ہوں تو اس کو واپس نہیں لوٹایا جا سکتا اور بیشک میں نے آپ کو آپ کی امت کے لئے یہ چیز عطا فرما دی ہے کہ میں انہیں قحط سالی سے نہیں ماروں گا اور نہ ہی ان کے علاوہ کسی اور کو ان پر دشمن مسلط کروں گا جو انہیں مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اگرچہ (وہ دشمن ان کے خلاف ہر طرف سے اکٹھے) ہو جائیں یہاں تک کہ ان میں سے خود بعض بعض کو ہلاک نہ کریں اور بعض بعض کو قیدی نہ بنائیں۔‘‘

٨١٦ / ١٦۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ أَدْرَکَ بِيَ الْأَجَلَ الْمَرْحُومَ وَاخْتَصَرَ لِي اخْتِصَارًا، فَنَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ، إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ وَمُوْسَى صَفِيُّ اللهِ وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَإِنَّ اللهَ وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي وَأَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

’’حضرت عمرو بن قیس رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کو مرحوم قرار دیا اور اس کی عمر مختصر رکھی۔ سو ہم ہی آخری ہیں اور ہم ہی قیامت کے دن اول ہوں گے۔ اور میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ صفی اللہ ہیں اور میں ہی حبیب اللہ ہوں اور روزِ قیامت میرے پاس ہی حمد کا جھنڈا ہوگا اور اللہ تعالیٰ نے میری امت کے بارے میں مجھ سے تین وعدے فرمائے اور تین چیزوں سے انہیں نجات عطا کی۔ ان پر عام قحط سالی مسلط نہیں کرے گا اور کوئی دشمن انہیں ختم نہیں کر سکے گا اور انہیں گمراہی پر کبھی جمع نہیں کرے گا۔‘‘

الحديث الرقم ١٦: أخرجه الدارمی فی السنن، باب: (٨)، مَا أُعطِيَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الفَضْلِ، ١ / ٤٢، الرقم: ٥٤، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٦ / ٣٢٣۔

٨١٧ / ١٧۔ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوْا جَمِيْعًا، وَأَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلَى أَهْلِ الْحَقِّ، وَأَنْ لَا تَجْتَمِعُوْا عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تین آفتوں سے بچا لیا: ایک یہ کہ تمہارا نبی تمہارے لئے ایسی بددعا نہ کرے گا کہ تم سارے ہلاک ہو جاؤ دوسرا یہ کہ (مجموعی طور پر) اہلِ باطل اہلِ حق پر غالب نہ ہوں۔ تیسرا یہ کہ تم (مجموعی طور پر کبھی) گمراہی پر جمع نہیں ہو گے۔''

٨١٨ / ١٨۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ صلی الله علیه وآله وسلم: إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ مَرْحُوْمَةٌ. عَذَابُهَا بِأَيْدِيْهَا. فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ إِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ. فَيُقَالُ: هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (امت مسلمہ) وہ (خوش نصیب) امت ہے جس پر (اللہ تعالیٰ کی خصوصی) رحمت نازل کی گئی ہے۔ اس کا عذاب اس کے ہاتھ میں ہے جب قیامت کا دن ہو گا تو ہر ایک مسلمان کو ایک کافر دے کر کہا جائے گا یہ تمہارا دوزخ کا فدیہ ہے۔''

الحديث الرقم ١٧: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: الفتن، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤ / ٩٨، الرقم: ٤٢٥٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٣ / ٢٩٢، الرقم: ٣٤٤٠، وفي مسند الشاميين، ٢ / ٤٤٢، الرقم: ١٦٦٣۔

الحديث الرقم ١٨: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: في صفة أمة محمد صلی الله علیه وآله وسلم، ٢ / ١٤٣٤، الرقم: ٤٢٩٢، وأبو حنيفة عن أبي موسى رضی الله عنه في المسند، ١ / ١٥٥، وعبد بن حميد في المسند، ١ / ١٩٠، الرقم: ٥٣٧، والمروزي في الفتن، ٢ / ٦١٨، الرقم: ١٧٢٢۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

٨١٩ / ١٩۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ رضی الله عنه، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ عَلَى ذٰلِكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے ہیں: میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر قائم رہے گی جو اُن کی مدد نہیں کرے گا یا اُن کی مخالفت کرے گا وہ انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا امر (یعنی روزِ قیامت) آئے گا اور وہ اسی حالت پر ہوں گے۔''

٨٢٠۔ / ٢٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِي

الحديث رقم ١٩: أخرجه البخاری فی الصحيح،كتاب: المناقب، باب: سؤال المشركين أن يريهم النبی ﷺ آية فآراهم انشقاق القمر، ٣ / ١٣٣١، الرقم: ٣٤٤٢، وفی كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالی: إنما قولنا لشیء، ٦ / ٢٧١٤، الرقم: ٧٠٢٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: قوله ﷺ: لا تزال طائفة من أمتی ظاهرين علی الحق لا يضرهم من خالفهم، ٣ / ١٥٢٤، الرقم: ١٠٣٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ١٠١، وأبو يعلی فی المسند، ١٣ / ٣٧٥، الرقم: ٧٣٨٣، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٩ / ٣٨٠، الرقم: ٨٩٣، واللالكائی فی اعتقاد أهل السنة، ١ / ١١٠، الرقم: ١٤٤۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علاماتِ النبوة في الإسلام، ٣ / ٣١٥، الرقم: ٣٣٩٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: فضل النظر إليه ﷺ وتمنيه، ٤ / ١٨٣٦، الرقم: ٢٣٦٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ١٦٧، الرقم: ٦٧٦٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٣١٣، الرقم: ٨١٢٦، والعسقلانی فی فتح الباری، ٦ / ٦٠٧، والنووی فی شرحه علی صحيح مسلم، ١٥ / ١١٨، والسيوطی فی الديباج، ٦ / ٣٤٨، الرقم: ٢٣٦٤۔

نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي، ثُمَّ لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے! تم لوگوں پر ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ تم مجھے دیکھ نہیں سکو گے، لیکن میری زیارت کرنا (اس وقت) ہر مومن کے نزدیک اس کے اہل اور مال سے زیادہ محبوب ہوگی۔''

٨٢١ / ٢١۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران، ٣: ١١٠]، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ بواسطہ اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ''تم بہترین امت ہو جو سب لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے ظاہر کی گئی ہے۔'' کے بارے میں فرمایا: تم ستّر (٧٠) اُمتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔''

الحديث رقم ٢١: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: التفسير عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ومن سورة آل عمران، ٥ / ٢٢٦، الرقم: ٣٠٠١، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمّة محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٢ / ١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٣، والحاكم فى المستدرك، ٤ / ٩٤، الرقم: ٦٩٨٧، والطبراني فى المعجم الكبير، ١٩ / ٤٢٢، الرقم: ١٠٢٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩ / ٥، والروياني فى المسند، ٢ / ١١٥، الرقم: ٩٢٤، وعبد بن حميد فى المسند، ١ / ١٥٦، الرقم: ٤١١، وابن المبارك فى الزهد، ١ / ١١٤، الرقم: ٣٨٢، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١ / ١٥٣۔

٨٢٢ / ٢٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مِنْ أَشَدِّ أُمَّتِي لِي حُبًّا، نَاسٌ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِي، يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ رَآنِي، بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے میرے ساتھ شدید محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور ان میں سے ہر ایک کی تمنا یہ ہوگی کہ کاش وہ اپنے سب اہل و عیال اور مال و اسباب کے بدلے میں مجھے (ایک مرتبہ) دیکھ لیں۔‘‘

٨٢٣ / ٢٣۔ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ الْمَطَرِ، لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَمْ آخِرُهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَأَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی مثال بارش کی مانند ہے معلوم نہیں اس کا اوّل بہتر ہے یا آخر۔‘‘

٨٢٤ / ٢٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُنَاسًا

الحديث رقم ٢٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب: فيمن يود رؤية النبى ﷺ بأهله وماله، ٤ / ٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٤١٧، الرقم: ٩٣٨٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٦ / ٢١٤، الرقم: ٧٢٣١۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الأمثال عن رسول الله ﷺ، باب: مثل الصلوات الخمس، ٥ / ١٥٢، الرقم: ٢٨٦٩، والبزار فى المسند، ٩ / ٢٣، الرقم: ٣٥٢٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣ / ١٣٠، ١٤٣، الرقم: ١٢٣٤٩، ١٢٤٨٣، والطيالسى فى المسند، ١ / ٩٠، الرقم: ٦٤٧، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢ / ٢٧٧، الرقم: ١٣٥٢، وأبو يعلى فى المسند، ٦ / ٣٨٠، الرقم: ٣٧١٧۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤ / ٩٥، الرقم: ٦٩٩١۔

مِنْ أُمَّتِي يَأْتُوْنَ بَعْدِي يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوِ اشْتَرَى رُؤْيَتِي بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یقیناً میری اُمت میں میرے بعد ایسے لوگ بھی آئیں گے جن میں سے ہر ایک کی خواہش یہ ہوگی کہ وہ اپنے اہل و مال کے بدلے (اگر) میرا دیدار (ملے تو وہ) خرید لے (یعنی اپنے اہل و مال کی قربانی دے کر ایک مرتبہ مجھے دیکھ لے)۔‘‘

۸۲۵ / ۲۵۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَيُّ الْخَلْقِ أَعْجَبُ إِلَيْكُمْ إِيْمَانًا؟ قَالُوْا: الْمَلَائِكَةُ. قَالَ: وَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالُوْا: فَالنَّبِيُّوْنَ. قَالَ: وَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ؟ قَالُوْا: فَنَحْنُ. قَالَ: وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ أَعْجَبَ الْخَلْقِ إِلَيَّ إِيْمَانًا لَقَوْمٌ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِي يَجِدُوْنَ صُحُفًا فِيْهَا كِتَابٌ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا فِيْهَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ بواسطہ اپنے والد، اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا: کون سی مخلوق تمہارے نزدیک ایمان کے لحاظ سے سب سے

الحديث رقم ۲۵: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱۲ / ۸۷، الرقم: ۱۲۵٦۰، وأبو يعلى عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ في المسند، ۱ / ۱٤۷، الرقم: ۱٦۰، والحاكم في المستدرك، ٤ / ۹٦، الرقم: ٦۹۹۳، والخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، ۳ / ٤۰۳، الرقم: ٦۲۸۸، والحسيني في البيان والتعريف، ۱ / ۱۳۰، الرقم: ۳٤٦، والهيثمي عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ في مجمع الزوائد، ۸ / ۳۳۰، ٦ / ٦٥، وقال: رواه البزار وأحمد.

عجیب تر ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: فرشتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتے کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ وہ ہر وقت اپنے رب کی حضوری میں رہتے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا: پھر انبیاء کرام علیہم السلام۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اور انبیاء کرام علیہم السلام کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ ان پر تو وحی نازل ہوتی ہے۔ انہوں نے عرض کیا: تو پھر ہم (ہی ہوں گے)۔ فرمایا: تم ایمان کیوں نہیں لاؤ گے جبکہ بنفس نفیس میں خود تم میں جلوہ افروز ہوں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مخلوق میں میرے نزدیک پسندیدہ اور عجیب تر ایمان ان لوگوں کا ہے جو میرے بعد پیدا ہوں گے۔ کئی کتابوں کو پائیں گے مگر (صرف میری) کتاب میں جو کچھ لکھا ہوگا (بن دیکھے) اس پر ایمان لائیں گے۔‘‘

۸۲۶/ ۲۶۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَدِدْتُ أَنِّي لَقِيْتُ إِخْوَانِي، قَالَ: فَقَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ ﷺ: أَوَ لَيْسَ نَحْنُ إِخْوَانَکَ؟ قَالَ: أَنْتُمْ أَصْحَابِي، وَلَکِنْ إِخْوَانِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِي وَلَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے یہ خواہش کی کہ میں اپنے بھائیوں سے ملوں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میرے صحابہ ہو لیکن میرے بھائی وہ ہوں گے جو مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہوگا۔‘‘

۸۲۷/ ۲۷۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عُمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ رضی الله عنه عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ: (يَارَسُوْلَ اللهِ) أَرَأَيْتَ مَنْ آمَنَ بِکَ وَلَمْ يَرَکَ وَصَدَّقَکَ وَلَمْ يَرَکَ؟ قَالَ: طُوْبَى لَهُمْ طُوْبَى لَهُمْ أُوْلَئِکَ مِنَّا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ۲۶: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۳/ ۱۵۵، الرقم: ۱۲۶۰۱، والطبرانی فی المعجم الکبير، ۱/ ۲۱۲، الرقم: ۵۷٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱۰/ ٦۷، والحسينی فی البيان والتعريف، ۱/ ۳۲، الرقم: ٦۰: ۲/ ۹٤، الرقم: ۱۱٦۱۔

الحديث رقم ۲۷: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۸/ ۲۷٦، الرقم: ۸٦۲٤۔

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ انصاری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا: (یا رسول اللہ!) آپ ان لوگوں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو آپ پر ایمان لائے حالانکہ انہوں نے آپ کو دیکھا تک نہیں، آپ کی تصدیق کی حالانکہ آپ کو دیکھا تک نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے لئے خوشخبری ہے ان کے لئے خوشخبری ہے وہ ہم میں سے ہی ہیں۔''

٨٢٨ / ٢٨۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: طُوْبَى لِمَنْ رَآنِي وَآمَنَ بِي وَطُوْبَى سَبْعَ مَرَّاتٍ لِمَنْ لَمْ يَرَنِي وَآمَنَ بِي.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور سات بار خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے دیکھا بھی نہیں اور مجھ پر ایمان لایا۔''

٨٢٩ / ٢٩۔ عَنْ أَبِي جُمُعَةَ رضی الله عنه قَالَ: تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم وَ مَعَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، قَالَ: قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! هَلْ أَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا؟ أَسْلَمْنَا مَعَکَ، وَجَاهَدْنَا مَعَکَ، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَکُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِکُمْ

الحديث رقم ٢٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ٢٥٧، الرقم: ٢٢٢٦٨، ٢٢١٩٢، ٢٢٣٣١، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/ ٢١٦، الرقم: ٧٢٣٣، والحاكم عن عبدالله بن بُسر رضی الله عنه، فى المستدرك، ٤/ ٩٦، الرقم: ٦٩٩٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٨/ ٢٥٩، الرقم: ٨٠٠٩، وفى المعجم الصغير، ٢/ ١٠٤، الرقم: ٨٥٨، وأبويعلى عن أنس بن مالك رضی الله عنه فى المسند، ٦/ ١١٩، الرقم: ٣٣٩١، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٩/ ٩٩، الرقم: ٨٧، والرويانى فى المسند، ٢/ ٣١١، الرقم: ١٢٦٦۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الدارمي في السنن، ٢/ ٣٩٨، الرقم: ٢٨٤٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ١٠٦، الرقم: ١٧٠١٧، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٤/ ٢٢، الرقم: ٣٥٣٧، وأبويعلى فى المسند، ٣/ ١٢٨، الرقم: ١٥٥٩، وابن منده فى الإيمان، ١/ ٣٧٢، الرقم: ٢١٠، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/ ٦٦۔

يُؤْمِنُوْنَ بِي وَلَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

’’حضرت ابوجمعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نے ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ دن کا کھانا کھایا ہمارے ساتھ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم سے بھی کوئی بہتر ہو گا؟ ہم آپ کی معیت میں ایمان لائے، اور آپ کی ہی معیت میں ہم نے جہاد کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں وہ لوگ جو تمہارے بعد آئیں گے وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہو گا (وہ اس جہت سے تم سے بھی بہتر ہوں گے)۔‘‘

٨٣٠ / ٣٠۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْعُلاَءِ الْحَضْرَمِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِي آخِرِ هَذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ لَهُمْ مِثْلُ أَجْرِ أَوَّلِهِمْ، يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَيُقَاتِلُوْنَ أَهْلَ الْفِتَنِ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت عبد الرحمن بن علاء حضرمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے اس (صحابی) نے بتایا جس نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں: بے شک اس امت کے آخر (دور) میں ایسے لوگ ہوں گے جن کے لئے اجر اس امت کے اولین (دور کے لوگوں) کے برابر ہو گا، وہ نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے اور فتنہ پرور لوگوں سے جہاد کریں گے۔‘‘

الحديث رقم ٣٠: أخرجه البيهقي في دلائل النّبوّة، ٦ / ٥١٣، والسّيوطى فى مفتاح الجنة، ١ / ٦٨۔

فَصْلٌ فِي أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ لَا تَجْتَمِعُ عَلَى الضَّلَالَةِ

﴿اس اُمت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے کا بیان﴾

٨٣١ / ٣١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ لَا يَجْمَعُ أُمَّتِي (أَوْ قَالَ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ) عَلَى ضَلَالَةٍ، وَيَدُ اللهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ، وَمَنْ شَذَّ شَذَّ إِلَى النَّارِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا (یا فرمایا: امتِ محمدیہ کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا) اور جماعت پر اللہ تعالیٰ (کی حفاظت) کا ہاتھ ہے اور جو شخص جماعت سے جدا ہوا وہ آگ کی طرف جدا ہوا۔''

٨٣٢ / ٣٢۔ عَنِ الْحَارِثِ الْأَشْعَرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ أَمَرَنِي اللهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيْلِ اللهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ رَأْسِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى لزوم الجماعة، ٤ / ٤٦٦، الرقم: ٢١٦٧، والحاكم فى المستدرك، ١ / ٢٠١، الرقم: ٣٩٧، والمناوى فى فيض القدير، ٢ / ٢٧١۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الحلكم فى المستدرك، ١ / ٢٠٤، ٥٨٢، الرقم: ٤٠٤، ١٥٣٤، وابن خزيمة فى الصحيح، ٣ / ١٩٥، الرقم: ١٨٩٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٨ / ١٥٧، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣ / ٢٨٦، ٢٨٧، ٢٨٩، الرقم: ٣٤٢٧، ٣٤٣٠، ٣٤٣١، وأبو يعلى فى المسند، ٣ / ١٤٠، الرقم: ١٥٧١۔

”حضرت حارث اَشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا ہے (اور وہ پانچ باتیں یہ ہیں:) جماعت کے ساتھ ہونے، نصیحت سننے، فرمانبرداری اختیار کرنے، ہجرت کرنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے کا۔ پس جو جماعت سے ایک بالشت برابر بھی الگ ہوا پس اس نے اسلام کا قلادہ (یعنی پٹہ) اپنے گلے سے اتار دیا جب تک کہ وہ (جماعت کی طرف) لوٹ نہیں آتا۔“

٨٣٣ / ٣٣۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما في رواية طويلة قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: يَأَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِيْنَا فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الاِثْنَيْنِ أَبْعَدُ مَنْ أَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَذَلِكُمُ الْمُؤْمِنُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

”حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جابیہ کے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطاب فرمایا کہ میں تمہارے درمیان اس جگہ پر کھڑا ہوں جہاں حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان قیام فرماتے پھر فرمایا: جماعت کو لازم پکڑو اور علیحدگی سے بچو کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو آدمیوں سے دور رہتا ہے جو شخص جنت کا وسط چاہتا ہے اس کے لیے جماعت سے وابستگی لازمی ہے جس شخص کو اس کی نیکی خوش کرے اور برائی پریشان کرے پس وہی مومن ہے۔“

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى لزوم الجماعة، ٤ / ٤٦٥، الرقم: ٢١٦٥، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥ / ٣٨٨، الرقم: ٩٢٢٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٣٧٠، الرقم: ٢٣١٩٤، وابن أبى عاصم فى السنة، ١ / ٤٢، الرقم: ٨٨، والعسقلانى فى فتح البارى، ١٣ / ٣١٦، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦ / ٣٢٠.

٨٣٤ / ٣٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَجْمَعُ اللهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ أَبَدًا وَقَالَ: يَدُ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَاتَّبِعُوْا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ فَإِنَّهُ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کو کبھی بھی گمراہی پر اکٹھا نہیں فرمائے گا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دستِ قدرت جماعت پر ہوتا ہے۔ پس سب سے بڑی جماعت کی اتباع کرو اور جو اس جماعت سے الگ ہوتا ہے وہ آگ میں ڈال دیا گیا۔''

٨٣٥ / ٣٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُمَّتِي لَا تَجْتَمِعُ عَلَى ضَلَالَةٍ فَإِذَا رَأَيْتُمُ اخْتِلَافًا فَعَلَيْكُمْ بِالسَّوَادِ الْأَعْظَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری امت (مجموعی طور پر) کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی پس اگر تم ان میں اختلاف دیکھو تو تم پر لازم ہے کہ سب سے بڑی جماعت (کا ساتھ) اختیار کرو۔''

٨٣٦ / ٣٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ١ / ١٩٩-٢٠١، الرقم: ٣٩١-٣٩٧، وابن أبي عاصم في كتاب السنة، ١ / ٣٩، الرقم: ٨٠، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ١ / ١٠٦، الرقم: ١٥٤، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٣ / ٣٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٥ / ٢٥٨، الرقم: ٨١١٦، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١ / ٤٢٢، والمناوي في فيض القدير، ٢ / ٢٧١.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: السَّوَادِ الْأَعْظَمِ، ٤ / ٣٦٧، الرقم: ٣٩٥٠، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢، ٤٤٧، الرقم: ١٣٦٢٣، والكناني في مصابح الزجاجة، ٤ / ١٦٩، الرقم: ١٣٩٥.

الحديث رقم ٣٦: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: افتراق الأمم، ٢ / ١٣٢٢، الرقم: ٣٩٩١-٣٩٩٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣ / ١٤٥، الرقم: ←

بَنِي إِسْرَائِيْلَ افْتَرَقَتْ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً. وَإِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً. كُلُّهَا فِي النَّارِ، إِلَّا وَاحِدَةً. وَهِيَ الْجَمَاعَةُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً بنی اسرائیل اکہتر (٧١) فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے اور میری امت یقیناً بہتر (٧٢) فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ وہ سب کے سب دوزخ میں جائیں گے سوائے ایک کے اور وہ جماعت ہے۔''

٨٣٧ / ٣٧۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: اثْنَانِ خَيْرٌ مِنْ وَاحِدٍ، وَثَلَاثَةٌ خَيْرٌ مِنِ اثْنَيْنِ، وَأَرْبَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ ثَلَاثَةٍ، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ اللهَ عزوجل لَنْ يَّجْمَعَ أُمَّتِي إِلَّا عَلَى هُدًى. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دو (شخص) ایک سے بہتر ہیں اور تین (شخص) دو سے بہتر ہیں، اور چار (اشخاص) تین سے بہتر ہیں، پس تم پر لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ میری امت کو کبھی ہدایت کے سوا کسی شے پر اکٹھا نہیں کرے گا۔''

------ ١٢٥٠١، وأبويعلى فى المسند، ٧/ ٣٦، الرقم: ٣٩٤٤، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٧/ ٩٠، الرقم: ٢٤٩٩، وابن أبي عاصم فى السنة، ١/ ٣٢، الرقم: ٦٤، والمروزى فى السنة، ١/ ٢١، الرقم: ٥٣.

الحديث رقم ٣٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ١٤٥، الرقم: ٢١٣٣١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/ ١٧٧: ٥/ ٢١٨، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦/ ٣٢٣.

فَصُلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَخُشَى عَلَى أُمَّتِهِ أَنُ تُشُرِكَ بَعُدَهُ

﴿حضور ﷺ کو اپنے بعد اُمت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ تھا﴾

۸۳۸ / ۳۸۔ عَنُ عُقُبَةَ بُنِ عَامِرٍ رضی الله عنه، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلَى قَتُلَى أُحُدٍ، بَعُدَ ثَمَانِي سِنِينَ كَالُمُوَدِّعِ لِلأَحُيَاءِ وَالْأَمُوَاتِ، ثُمَّ طَلَعَ الْمِنُبَرَ، فَقَالَ: إِنِّي بَيُنَ أَيُدِيكُمُ فَرَطٌ وَأَنَا عَلَيُكُمُ شَهِيدٌ، وَإِنَّ مَوُعِدَكُمُ الْحَوُضُ، وَإِنِّي لَأَنُظُرُ إِلَيُهِ مِنُ مَقَامِي هَذَا، وَإِنِّي لَسُتُ أَخُشَى عَلَيُكُمُ أَنُ تُشُرِكُوا، وَلَكِنِّي أَخُشَى عَلَيُكُمُ الدُّنُيَا أَنُ تَنَافَسُوهَا قَالَ: فَكَانَتُ آخِرَ نَظُرَةٍ نَظَرُتُهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيُهِ وَاللَّفُظُ لِلُبُخَارِيِّ.

”حضرت عقبہ بن عامر رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے شہداءِ اُحد پر (دوبارہ) آٹھ سال بعد اس طرح نماز پڑھی گویا زندوں اور مُردوں کو الوداع کہہ رہے ہوں۔ پھر آپ ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا: میں تمہارا پیش رو ہوں، میں تمہارے اُوپر گواہ ہوں، ہماری ملاقات کی جگہ حوضِ کوثر ہے اور میں اس جگہ سے حوضِ کوثر کو دیکھ رہا ہوں اور مجھے

الحديث رقم ۳۸: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوة أحد، ۱۴۸۶/۴، الرقم: ۳۸۱۶، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ۱۷۹۶/۴، الرقم: ۲۲۹۶، وأبوداود فی السنن، كتاب: الجنائز، باب: الميت يصلی علی قبره بعد حين، ۲۱۶/۳، الرقم ۳۲۲۴، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۱۵۴/۴، والطبرانی فی المعجم الكبير، ۲۷۹/۱۷، الرقم: ۷۶۸، والبيهقی فی السنن الكبری، ۱۴/۴، الرقم: ۶۶۰۱، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ۴۵/۵، الرقم: ۲۵۸۳۔

تمہارے متعلق اس بات کا ڈر نہیں ہے کہ تم (میرے بعد) شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے بلکہ تمہارے متعلق مجھے دنیاداری کی محبت میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ حضرت عقبہ فرماتے ہیں کہ یہ میرا حضور نبی اکرم ﷺ کا آخری دیدار تھا (یعنی اس کے بعد جلد ہی آپ ﷺ کا وصال ہو گیا)۔‘‘

۸۳۹ / ۳۹۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ وَأَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي وَاللهِ لَأَنْظُرُ إِلَى حَوْضِي الْآنَ، وَإِنِّي أُعْطِيْتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْ مَفَاتِيحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّي وَاللهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي وَلَكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَتَنَافَسُوْا فِيهَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں تمہارا پیش رو اور تم پر گواہ ہوں۔ بیشک خدا کی قسم! میں اپنے حوض (کوثر) کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں اور بیشک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں (یا فرمایا: زمین کی کنجیاں) عطا کر دی گئی ہیں اور خدا کی قسم! مجھے یہ ڈر نہیں کہ میرے بعد تم شرک کرنے لگو گے بلکہ مجھے ڈر اس بات کا ہے کہ تم دنیا کی محبت میں مبتلا ہو جاؤ گے۔‘‘

۸۴۰ / ۴۰۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا

الحديث رقم ۳۹: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: المناقب، باب: علامات النُّبُوَّةِ فِي الإِسلام، ۳ / ۱۳۱۷، الرقم: ۳۴۰۱، وفی کتاب: الرقاق، باب: مَا يُحْذَرُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَالتَّنَافُسِ فِيها، ۵ / ۲۳۶۱، الرقم: ۶۰۶۱، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ۴ / ۱۷۹۵، الرقم: ۲۲۹۶ وأحمد بن حنبل فی المسند، ۴ / ۱۵۳۔

الحديث رقم ۴۰: أخرجه مسلم فی الصحيح، کتاب: الفضائل، باب: اثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ۴ / ۱۷۹۶، الرقم: ۲۲۹۶، والطبرانی فی المعجم الکبير، ۱۷ / ۲۷۹، الرقم: ۷۶۹، والشيباني في الآحاد والمثاني، ۵ / ۴۵، الرقم: ۲۵۸۳۔

أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا، وَتَقْتَتِلُوْا فَتَهْلِكُوْا كَمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ قَالَ عُقْبَةُ: فَكَانَ آخِرَ مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے ڈر ہے کہ تم دنیا کی محبت میں گرفتار ہو جاؤ گے اور آپس میں لڑو گے اور ہلاک ہو گے جیسا کہ تم سے پہلے لوگ ہوئے۔ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آخری بار تھی جب میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو منبر پر جلوہ افروز دیکھا (یعنی اس کے بعد جلد ہی آپ ﷺ کا وصال ہو گیا)۔''

فَصْلٌ فِي بَعْثِ الْأَئِمَّةِ الْمُجَدِّدِيْنَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اس اُمت میں ائمہ مجددین کے بھیجے جانے کا بیان﴾

۸٤۱ / ٤١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه فِيمَا أَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ عزوجل يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی الله عنه اس (علم) میں سے جو انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سیکھا روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر صدی کے آخر میں کسی ایسے شخص (یا اشخاص) کو پیدا فرمائے گا جو اس (امت) کے لئے اس کے دین کی تجدید کرے گا۔''

۸٤۲ / ٤۲۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبَّ الْعَبِيْدِ إِلَى اللهِ تَبَارَکَ وَتَعَالَى الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَإِذَا شَهِدُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا أُولَئِکَ أَئِمَّةُ الْهُدَى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٤١: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الملاحم، باب: مايذکر فی قرن المائة، ٤/ ١٠٩، الرقم: ٤٢٩١، والحاکم فی المستدرک، ٤/ ٥٦٧، ٥٦٨، الرقم: ٨٥٩٢، ٨٥٩٣، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٦/ ٢٢٣، الرقم: ٦٥٢٧، والديلمی فی مسند الفردوس، ١/ ١٤٨، الرقم: ٥٣٢، والمقرئ فی السنن الوردة فی الفتن، ٣/ ٧٤٢، الرقم: ٣٦٤، وابن عساکر فی تاريخ دمشق الکبير، ٥١/ ٣٨٨، ٣٤١، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ٢/ ٦١۔

الحديث الرقم ٤٢: أخرجه الحلکم فی المستدرک، ٣/ ٣٠٣، الرقم: ٥١٨٢، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٥/ ١٦٣، الرقم: ٤٩٥٠، وفی المعجم الکبير، ٢٠/ ٣٦، الرقم: ٥٣، والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢/ ٢٥٢، الرقم: ١٢٩٨، والبيهقی فی کتاب الزهد، ٢/ ١١٢۔

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: معمولی سا دکھاوا بھی شرک ہے اور بندوں میں سے محبوب ترین بندے اللہ تعالیٰ کے نزدیک متقی اور خشیت الٰہی رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو موجود نہ ہوں تو تلاش نہ کیے جائیں اور موجود ہوں تو پہچانے نہ جائیں، وہی لوگ ہدایت کے امام اور علم کے چراغ ہیں۔‘‘

۸٤۳ / ٤۳۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَنْ تَمَسَّکَ بِسُنَّتِي عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِي فَلَهُ أَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس وقت میری سنت کو مضبوطی سے تھاما جب میری امت فساد میں مبتلا ہو چکی ہوگی تو اس کے لئے سو شہیدوں کے برابر ثواب ہے۔‘‘

”حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو معاویہ عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو شخص مسجد بناتا ہے چاہے وہ تیتر کے انڈے دینے کی جگہ کے برابر ہی کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔“

١٠٥١ / ١١۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى رضی اللہ عنہ

الحديث رقم ١٠: أخرجه الخوارزمي فی جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/ ٨٢، والقزويني فی التدوين فی أخبار قزوين، ١/ ٤٣٨، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: ابن ماجه فی السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: من بنى لله مسجدا، ١/ ٢٤٤، الرقم: ٧٣٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/ ٢٤١، وابن حبان فی الصحيح، ٤/ ٤٩٠، الرقم: ١٦١٠، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/ ٢٦٩، الرقم: ١٢٩٢، والطيالسي فی المسند، ١/ ٦٢، الرقم: ٤٦١، وأبو يعلى فی المسند، ٧/ ٨٥، الرقم: ٤٠١٨، والطبراني فی المعجم الأوسط، ٢/ ٢٤٠، الرقم: ١٨٥٧، والبيهقي فی شعب الإيمان، ٣/ ٨١، الرقم: ٢٩٤٢، والبخاري فی التاريخ الكبير، ١/ ٣٣١، الرقم: ١٠٤٦.

الحديث رقم ١١: أخرجه الموفق فی مناقب الإمام الأعظم أبی حنيفة، ١/ ٣٦.

يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: حُبُّکَ الشَّيءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ، وَالدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ وَالدَّالُ عَلَى الشَّرِّ كَمِثْلِهِ، إِنَّ اللهَ يُحِبُّ إِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

”حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہاری کسی چیز سے محبت (تمہیں اس کے بارے میں) اندھا اور بہرا کر دیتی ہے اور نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اور برائی کی طرف راہنمائی کرنے والا برائی کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ مصیبت زدہ کی مدد کرنے کو پسند فرماتا ہے۔“

١٠٥٢ / ١٢۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ عَجْرَدٍ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ: أَكْثَرُ جُنْدِ اللهِ فِي الْأَرْضِ: الْجَرَادُ لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

”حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کو فرماتے سنا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا ہے: زمین میں اللہ تعالیٰ کا زیادہ تعداد میں لشکر ٹڈی دَل ہے، نہ تو میں اسے کھاتا ہوں اور نہ اسے حرام ٹھہراتا ہوں۔“

الحديث رقم ١٢: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/ ٧٩، والقزويني في التدوين في أخبار قزوين، ١/ ٤٣٨، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: أبوداود في السنن، كتاب: الأطعمة، باب: في أكل الجراد، ٣/ ٣٥٧، الرقم: ٣٨١٣، وابن ماجه في السنن، كتاب: الصيد، باب: صيد الحيتان والجراد، ٢/ ١٠٧٣، الرقم: ٣٢١٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ٢٥٧، وعبد الرزاق في المصنف، ٤/ ٥٣١، الرقم: ٨٧٥٧، والبزار في المسند، ٦/ ٤٧٧، الرقم: ٢٥٠٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/ ٢٥٦، الرقم: ٦١٤٩، وابن قانع في معجم الصحابة، ١/ ٢٨٥۔

۱۰۵۳ / ۱۳۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: لَا تُظْهِرَنَّ شَمَاتَةً لِأَخِيْکَ فَيُعَافِيَهُ اللهُ وَيَبْتَلِيْکَ. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

”حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم اپنے بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار نہ کرو اگر تم ایسا کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے مصیبت سے نجات دے دے گا اور تمہیں اس مصیبت میں ڈال دے گا۔“

۱۰۵۴ / ۱۴۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: دَعْ مَا يَرِيْبُکَ إِلَى مَا لَا يَرِيْبُکَ.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

الحديث رقم ۱۳: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ۱ / ۸۶، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذي في السنن، کتاب: صفة القيامة والرقائق عن رسول الله ﷺ، باب: (۵۴)، ۴ / ۶۶۲، الرقم: ۲۵۰۶، والطبراني في المعجم الأوسط، ۴ / ۱۱۱، الرقم: ۳۷۳۹، وفي المعجم الکبير، ۲۲ / ۵۳، الرقم: ۱۲۷، وفي مسند الشاميين، ۱ / ۲۱۴، الرقم: ۳۸۴، والقضاعي في مسند الشهاب، ۲ / ۷۷، الرقم: ۹۱۷، والبيهقي في شعب الإيمان، ۵ / ۳۱۵، الرقم: ۶۷۷۷، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۳ / ۲۱۲، الرقم: ۳۷۲۶، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ۹ / ۹۵، الرقم: ۴۶۷۹.

الحديث رقم ۱۴: أخرجه السيوطي في تبييض الصحيفة بمناقب أبي حنيفة: ۳۶، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذي في السنن، کتاب: صفة القيامة والرقائق عن رسول الله ﷺ، باب: (۶۰)، ۴ / ۶۶۸، الرقم: ۲۵۱۸، والنسائي في السنن، کتاب: الأشربة، باب: الحث على ترک الشبهات، ۸ / ۳۲۷، الرقم: ۵۷۱۱، وأحمد بن حنبل في المسند، ۳ / ۱۵۳، وابن حبان في الصحيح، ۲ / ۴۹۸، الرقم: ۷۲۲، والحاکم في المستدرک، ۲ / ۱۶: ۴ / ۱۱۰، الرقم: ۲۱۷۰، ۷۰۴۶، والدارمي في السنن، ۲ / ۳۱۹، الرقم: ۲۵۳۲، والبيهقي في السنن الکبری، ۵ / ۳۳۵، الرقم: ۱۰۶۰۱، وعبد الرزاق في المصنف، ۳ / ۱۱۷، الرقم: ۴۹۸۴، وأبو يعلى في المسند، ۱۲ / ۱۳۲، الرقم: ۶۷۶۲، والطبراني في المعجم الکبير، ۳ / ۷۶، الرقم: ۲۷۱۱.

''حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو اس چیز کو چھوڑ دے جو تجھے شک میں ڈالے اس چیز کے لیے جو تجھے شک میں نہ ڈالے۔''

١٠٥٥ / ١٥۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ رضی الله عنه يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: لَا يَظُنَّ أَحَدُكُمْ أَنَّهُ يَتَقَرَّبُ إِلَى اللهِ بِأَقْرَبِ مِنْ هَذِهِ الرَّكْعَاتِ يَعْنِي الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

''حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ گمان نہ کرلے کہ وہ ان رکعات یعنی پانچ وقت کی فرض نمازوں سے بڑھ کر (دن کے علاوہ) کسی اور شے سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرسکتا ہے۔''

١٠٥٦ / ١٦۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي حَبِيْبَةَ رضی الله عنه (الصَّحَابِيِّ) قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ رضی الله عنه يَقُوْلُ: كُنْتُ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم فَقَالَ: يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ! مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنِّي رَسُوْلُ اللهِ مُخْلِصًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ فَسَارَ سَاعَةً ثُمَّ عَادَ لِكَلَامِهِ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ فَسَارَ سَاعَةً

الحديث رقم ١٥: أخرجه الموفق فى مناقب الإمام الأعظم أبى حنيفة، ١ / ٣٦.

الحديث رقم ١٦: أخرجه أبو يوسف فى كتاب الآثار، ١ / ١٩٧، الرقم: ٨٩١، وأبو نعيم فى مسند الإمام أبي حنيفة، ١ / ١٧٥، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري فى الصحيح، كتاب: اللباس، باب: الثياب البيض، ٥ / ٢١٩٣، الرقم: ٥٤٨٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: من مات لا يشرك بالله شيئا، ١ / ٩٥، الرقم: ٩٤، وابن حبان فى الصحيح، ١ / ٣٩٢، الرقم: ١٦٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ١٦٦، وأبو عوانة فى المسند، ١ / ٢٨، الرقم: ٣٦، والنسائى فى السنن الكبرى، ٦ / ٢٧٦، الرقم: ١٠٩٦٤، والبزار فى المسند، ٩ / ٣٥٤، الرقم: ٣٩٢٠.

ثُمَّ عَادَ لِكَلَامِهِ، فَقُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ فَقَالَ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي الدَّرْدَاءِ. فَكَانَ أَبُو الدَّرْدَاءِ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ كُلِّ جُمُعَةٍ عِنْدَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَيَضَعُ إِصْبَعَهُ عَلَى أَنْفِهِ وَيَقُوْلُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي الدَّرْدَاءِ. رَوَاهُ أَبُوْ حَنِيْفَةَ.

”حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ صحابی رسول اللہ حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا سو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابو درداء! جو شخص اخلاص کے ساتھ یہ گواہی دیتا ہے کہ ”اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں“ تو اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگرچہ وہ زنا اور چوری بھی کرلے؟ آپ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر اپنے کلام کی طرف لوٹے تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگرچہ وہ زنا اور چوری بھی کرے؟ آپ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ زنا اور چوری ہی کیوں نہ کرے اور اگرچہ ابو درداء کی ناک خاک آلود ہی کیوں نہ ہو۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ ہر جمعۃ المبارک کو یہ حدیث حضور نبی اکرم ﷺ کے منبر کے قریب بیان فرماتے تھے اور اپنی انگلی اپنے ناک پر رکھ کر کہتے تھے اگرچہ وہ زنا اور چوری ہی کیوں نہ کرے اور اگرچہ ابو درداء کی ناک خاک آلود ہی کیوں نہ ہو۔“

فَصُلٌ فِي ثُنَائِيَّاتِ الإِمَامِ أَبِي حَنِيفَةَ رضی اللہ عنہ

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی دو واسطوں کی روایات کا بیان

۱۰۵۷ / ۱۷۔ رَوَى أَبُوحَنِيفَةَ رضی اللہ عنہ عَنُ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بُنِ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَرَأَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَوْلَهُ تَعَالَى: ﴿وَصَدَّقَ بِالْحُسُنَى﴾ قَالَ: بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ ﴿وَكَذَّبَ بِالْحُسُنَى﴾ قَالَ: بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے آیت مبارکہ تلاوت فرمائی: ''اور اس نے اچھائی کی تصدیق کی۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: (اس سے مراد) لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کی تصدیق کرنا ہے۔''اور اس نے اچھائی کو جھٹلایا۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: (اس سے مراد) لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کو جھٹلانا ہے۔''

۱۰۵۸ / ۱۸۔ رَوَى أَبُوحَنِيفَةَ رضی اللہ عنہ عَنُ عَطَاءِ بُنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنُ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنُ سُئِلَ عَنُ عِلُمٍ فَكَتَمَهُ، أُلُجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنُ نَارٍ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس سے علم کے بارے میں سوال کیا گیا اور اس نے (جانتے ہوئے بھی اسے) چھپایا تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام دی جائے گی۔''

الحديث رقم ۱۷: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱/ ۹۵۔

الحديث رقم ۱۸: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱/ ۹۶، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذی فی السنن، کتاب: العلم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی کتمان العلم، ۵/ ۲۹، الرقم: ۲۶۴۹، وأبوداود فی السنن، کتاب: العلم، باب: كراهية منع العلم، ۳/ ۳۲۱، الرقم: ۳۶۵۸، وابن ماجه فی السنن، کتاب: المقدمة، باب: من سئل عن علم فکتمه، ۱/ ۹۷، الرقم: ۲۶۴۔

١٠٥٩ / ١٩. رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضي الله عنه عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كُلُّ مَعْرُوْفٍ فَعَلْتَهُ إِلَى غَنِيٍّ أَوْ فَقِيْرٍ صَدَقَةٌ.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

”حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر نیکی جسے تم خواہ امیر کے ساتھ کرو یا غریب کے ساتھ کرو وہ صدقہ ہے۔“

١٠٦٠ / ٢٠. رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضي الله عنه عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رِبَاحٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: الْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيْضَةٌ. قُلْتُ: فَمَنْ تَرَكَهُ كُفْرٌ؟ قَالَ: لَا. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

”حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کرتے ہوئے فرمایا: نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا فرض ہے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے پوچھا: کیا اس کو ترک کرنا کفر ہے؟ انہوں نے فرمایا: نہیں۔“

١٠٦١ / ٢١. رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضي الله عنه عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَعْقِلٍ عَنْ عَبْدِ

الحديث رقم ١٩: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١/ ٩٦، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: أبويعلی فی المسند، ٤/ ٦٦، الرقم: ٢٠٨٥، والبزار فی المسند، ٥/ ٢٥، الرقم: ١٥٨٢، والديلمی فی الفردوس بمأثور الخطاب، ٣/ ٢٤٨، الرقم: ٤٧٢٩.

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١/ ٩٦، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: مسلم فی الصحيح، ١/ ٤٩٨، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: استحباب صلاة الضحی، الرقم: ٧٢٠، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی صنائع المعروف، ٤/ ٣٣٩، الرقم: ١٩٥٦، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: صلاة الضحی، ٢/ ٢٦، الرقم: ١٢٨٥.

الحديث رقم ٢١: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١/ ٩٨، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: ابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر التوبة، ٢/ ١٤٢٠، الرقم: ٤٢٥٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/ ٣٧٦، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٣٧٧، الرقم: ٦١٢.

اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ النَّدَمُ تَوْبَةٌ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

”حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (گناہ پر) نادم ہونا ہی توبہ ہے۔“

١٠٦٢ / ٢٢. رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الْبِرُّ لَا يُبْلَى وَالإِثْمُ لَا يُنْسَى.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

”حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نیکی کبھی پرانی نہیں ہوتی (کہ اس کا اجر مل کر رہتا ہے) اور گناہ کبھی بھلایا نہیں جاتا (اس کا بھی مواخذہ ہوتا ہے)۔“

١٠٦٣ / ٢٣. رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

١٠٦٤ / ٢٤. وَرَوَى أبوحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ نَحْوَهُ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١/ ٩٩، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البيهقى فى كتاب الزهد الكبير، ٢/ ٢٧٧، الرقم: ٧١٠، وابن راشد فى الجامع، ١١/ ١٧٨، والديلمى فى مسند الفردوس، ٢/ ٣٣، الرقم: ٢٢٠٣.

الحديث رقم ٢٣/ ٢٤: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١/ ٩٩، ١٠٣، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخارى فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يكره من النياحة على الميت، ١/ ٤٣٤، الرقم: ١٢٢٩، ومسلم فى الصحيح، المقدمة، باب: تغليظ الكذب على رسول الله ﷺ، ١/ ١٠، الرقم: ٣، والترمذي فى السنن، كتاب: العلم عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى تعظيم الكذب على رسول الله ﷺ، ٥/ ٣٥، الرقم: ٢٦٥٩.

”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنا لے۔“

ایک دوسری روایت میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

١٠٦٥ / ٢٥۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ، وَمَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِي بِقِيَامِ اللَّيْلِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّ خِيَارَ أُمَّتِي لَنْ يَّنَامُوْا إِلَّا قَلِيْلًا. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام ہمیشہ ہمسایہ (کے حقوق کے بارے) مجھے وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ وہ عنقریب اسے وارث بنا دیں گے، اور جبرائیل مجھے رات کی عبادت کی وصیت کرتے رہے حتی کہ میں نے گمان کیا کہ میرے (نیک وصالح) بہترین امتی رات کو کم ہی سوئیں گے۔“

١٠٦٦ / ٢٦۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَشْكُرُ اللهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١ / ١٠٠، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخارى فى الصحيح، كتاب: الأدب، باب: الوصاة بالجار، ٥ / ٢٢٣٩، الرقم: ٥٦٦٨، ومسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، ٤ / ٢٠٢٥، الرقم: ٢٦٢٥، والترمذى، فى السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى حق الجوار، ٤ / ٣٣٢، الرقم: ١٩٤٢.

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١ / ١٠٩، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم. والترمذى فى السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى الشكر لمن أحسن إليك، ٤ / ٣٣٩، الرقم: ١٩٥٤، وأبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فى شكر المعروف، ٤ / ٢٥٥، الرقم: ٤٨١١، وابن حبان فى الصحيح، ٨ / ١٩٨، الرقم: ٣٤٠٧.

النَّاسَ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابو سعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔''

١٠٦٧ / ٢٧۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ لَاحِقِ بْنِ الْعِيْزَارِ الْيَمَانِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ قَالَ: ﴿اسْتَغْفِرُ اللهَ الْعَظِيْمَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ غَفَرَ اللهُ لَهُ مَا سَلَفَ مِنْ جُرْمِهِ إِنْ كَانَ مُخْلِصًا. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابوذر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے پڑھا: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللهَ الْعَظِيْمَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ ''میں، اللہ بلند و برتر سے مغفرت طلب کرتا ہوں وہ ذات جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا، سب کو اپنی تدبیر سے قائم رکھنے والا ہے؟'' اگر اس نے اخلاص (سے یہ پڑھا تو) اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ گناہ بخش دے گا۔''

١٠٦٨ / ٢٨۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّكْسَكِيِّ الدِّمَشْقِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى ﷺ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: إِنِّي لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ فَعَلِّمْنِي مَا يُجْزِيْنِي عَنْهُ، فَقَالَ لَهُ: قُلْ: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. فَقَالَ: هَذَا لِرَبِّي عَزَّوَجَلَّ فَمَا لِي: فَقَالَ:

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١ / ١١١۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١ / ١١٧، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الدار قطنى فى السنن، ١: ٣١٤، الرقم: ٢، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢: ٣٨١، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦ / ١٠٠، الرقم: ٢٩٧٩٧۔

قُلْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي وَاغْفِرْلِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي وَعَافِنِي.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض کیا: میں قرآن سیکھنے کی استطاعت نہیں رکھتا لہٰذا آپ مجھے وہ (کلمات) سکھائیں جو میرے لیے اس کے قائم مقام ہو جائیں۔ پس آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: تو کہا کر ﴿سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَ اللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ﴾ ''اللہ پاک ہے، اللہ کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور قدرت و طاقت صرف اللہ عظیم و برتر کی مشیئت سے ہی ہے۔'' اس نے عرض کیا: یہ (کلماتِ حمد تو) میرے رب کے لئے ہوگئے تو میرے لیے کیا ہے؟ پس آپ ﷺ نے فرمایا: تو کہا کر ﴿اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي وَاغْفِرْلِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي وَعَافِنِي﴾ ''اے اللہ! تو مجھ پر رحم فرما اور مجھے بخش دے اور مجھے ہدایت عطا کر، مجھے رزق سے نواز اور عافیت عطا فرما۔''

۱۰۶۹/ ۲۹۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿عَسَى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾ [الإسراء، ۱۷:۷۹] قَالَ: الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الشَّفَاعَةُ، يُعَذِّبُ اللهُ تَعَالَى قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْإِيْمَانِ بِذُنُوْبِهِمْ ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ ﷺ فَيُؤْتَى بِهِمْ نَهْرًا يُقَالُ لَهُ الْحَيَوَانُ، فَيَغْتَسِلُوْنَ فِيْهِ ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ. فَيُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيُّوْنَ، ثُمَّ يَطْلُبُوْنَ مِنَ اللهِ تَعَالَى فَيُذْهِبُ عَنْهُمْ ذَلِكَ الإِسْمَ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

الحديث رقم ۲۹: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱/۱۴۷، ۱۴۸، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم مختصراً منهم: البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: صفة الجنة والنار، ۵/۲۴۰۱، الرقم: ۶۱۹۸، وأبو داود فی السنن، كتاب: السنة، باب: فی الشفاعة، ۴/۲۳۶، الرقم: ۴۷۴۰، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۴/۴۳۴۔

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے فرمان کے بارے میں روایت کرتے ہیں: ’’یقیناً آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود پر فائز فرمائے گا (یعنی وہ مقامِ شفاعتِ عظمیٰ جہاں جملہ اوّلین و آخرین آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رجوع اور آپ کی حمد کریں گے)۔‘‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مقامِ محمود سے مراد شفاعت ہے، اللہ تعالیٰ اہل ایمان میں سے ایک قوم کو ان کے گناہوں کے سبب عذاب دے گا، پھر انہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کے واسطہ سے (جہنم سے) نکالے گا تو انہیں نہرِ حیات پر لایا جائے گا۔ پس وہ اس میں غسل کر کے جنت میں داخل ہوں گے تو (وہاں) انہیں جہنمی کے نام سے پکارا جائے گا، پھر وہ اللہ تعالیٰ سے (اس نام کے خاتمہ کی) گزارش کریں گے تو وہ ان سے اس نام کو بھی ختم کر دے گا۔‘‘

۱۰۷۰ / ۳۰۔ رَوَى أَبُوْ حَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ وَيُمَجِّسَانِهِ، قِيْلَ: فَمَنْ مَاتَ صَغِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: اَللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر پیدا ہونے والا بچہ (اصل) فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی، عیسائی اور مجوسی بنا دیتے ہیں۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! جو بچپن میں ہی فوت ہو جاتا ہے (اس کا معاملہ کیا ہو گا)؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے جو وہ (دنیا میں رہ کر) کرنے والے تھے۔‘‘

۱۰۷۱ / ۳۱۔ رَوَى أَبُوْ حَنِيْفَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ

الحديث رقم ۳۰: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱/۱۸۸، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاری فی الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما قبل فی أولاد المشركين، ۱/۴۶۵، الرقم: ۱۳۱۹، ومسلم فی الصحيح، كتاب: القدر، باب: معنى كل مولود يولد على الفطرة، ۴/۲۰۴۷، الرقم: ۲۶۵۸، والترمذی فی السنن، كتاب: القدر عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء كل مولود يولد على الفطرة، ۴/۴۴۷، الرقم: ۲۱۳۸.

الحديث رقم ۳۱: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱/۱۸۹، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذی فی السنن، ←

الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللهِ ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾ [الحجر، ١٥:٧٥] أَي الْمُتَفَرِّسِيْنَ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے پھر آپ ﷺ نے آیت مبارکہ تلاوت کی: ''بیشک اس میں اہلِ فراست کے لئے نشانیاں ہیں۔''

١٠٧٢ / ٣٢۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضي الله عنه عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنَّ اللهَ جَعَلَ الشِّفَاءَ فِي أَرْبَعَةٍ: الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ وَالْحِجَامَةِ وَالْعَسَلِ وَمَاءِ السَّمَاءِ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے چار چیزوں میں شفاء رکھی ہے: سیاہ دانہ (یعنی کلونجی)، پچھنے لگوانا (یعنی سرجری)، شہد اور بارش کا پانی۔''

١٠٧٣ / ٣٣۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضي الله عنه عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوْسَى عَنْ أَبِيْهِ أَبِي مُوْسَى عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُمَّتِي أُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ عَذَابُهَا بِأَيْدِيْهَا فِي الدُّنْيَا. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابوموسیٰ عامر بن عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ

.... كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: من سورة الحجر، ٥/٢٩٨، الرقم: ٣١٢٧، والطبراني في المعجم الأوسط، ٨/٢٣، الرقم: ٧٨٤٣، والقضاعي في مسند الشهاب، ١/٣٨٧، الرقم: ٦٦٣.

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/١٨٩.

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/١٩٥، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الطبراني في المعجم الأوسط، ١/٢٩٤، الرقم: ٩٧٤، وعبد بن حميد في المسند، ١/١٩٠، الرقم: ٥٣٧، والبخاري في التاريخ الكبير، ١/٣٨، الرقم: ٦٠.

نے فرمایا: میری امت رحمت سے نوازی جانے والی امت ہے، اس کا عذاب دنیا اپنے ہاتھوں سے ہوگا۔‘‘

١٠٧٤ / ٣٤۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی الله عنه عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: اَلْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًا وَاحِدٍ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کافر سات آنتوں میں (کھانا) بھرتا ہے اور مومن ایک آنت میں۔‘‘

١٠٧٥ / ٣٥۔ رَوَى أَبُوحَنِيْفَةَ رضی الله عنه عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ مُسْلِمِ بْنِ كَيْسَانَ الْمُلَائِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: يُجِيْبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوْكِ وَيَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خادم و غلام کی دعوت بھی قبول فرماتے تھے، مریض کی عیادت کیا کرتے اور دراز گوش (یعنی گدھے) کی سواری کیا کرتے تھے۔‘‘

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١ / ١٩٥، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاری فی الصحيح، كتاب: الأطعمة، باب: المؤمن يأكل فی معی واحد، ٥ / ٢٠٦١، الرقم: ٥٠٧٨۔ ٥٠٧٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الأطعمة عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء أن المؤمن يأكل فی معی واحد والكافر يأكل فی سبعة أمعاء، ٤ / ٢٦٦، الرقم: ١٨١٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: المؤمن يأكل فی معی واحد والكافر يأكل فی سبعة أمعاء، ٣ / ١٦٣١، الرقم: ٢٠٦٠۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١ / ٧٧، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذي فی السنن، كتاب: الجنائز عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، ٣ / ٣٣٧، الرقم: ١٠١٧، وابن ملجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: البراءة من الكبر والتواضع، ٢ / ١٣٩٨، الرقم: ٤١٧٨، وأبو يعلی فی المسند، ٧ / ٢٣٨، الرقم: ٤٢٤٣۔

۱۰۷٦ / ۳٦۔ رَوَی أَبُوحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُعْرَفُ بِرِيْحِ الطِّيْبِ إِذَا أَقْبَلَ بِاللَّيْلِ.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے روایت کرتے ہوئے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ جب رات کو تشریف لاتے تو (فضا میں) خوشبو کے پھیلنے سے آپ ﷺ کی پہچان ہوتی۔''

۱۰۷۷ / ۳۷۔ رَوَی أَبُوحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رِبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَلَنْسُوَةٌ شَامِيَّةٌ بَيْضَاءُ.

أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی سفید شامی ٹوپی تھی۔''

۱۰۷۸ / ۳۸۔ رَوَی أَبُوحَنِيْفَةَ ﷺ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي

الحديث رقم ۳٦: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱ / ۹۸، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم:ابن أبی شيبة فی المصنف، ۵ / ۳۰٤، الرقم: ۲٦۳۲، والدارمی فی السنن، ۱ / ٤۵، الرقم: ٦۵، وابن سعد فی الطبقات الکبری، ۱ / ۳۹۹۔

الحديث رقم ۳۷: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ۱ / ۱۹۸۔

الحديث رقم ۳۸: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ۲ / ۲، وأخرج المحدثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذي في السنن، کتاب: البيوع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في التجار وتسمية النبي ﷺ، ۳ / ۵۱۵، الرقم: ۱۲۰۹، والدارمي في السنن، ۲ / ۳۲۲، الرقم: ۲۵۳۹، والدارقطني في السنن، ۳ / ۷، الرقم: ۱۷۔ ۱۸، وابن أبي شيبة في المصنف، ٤ / ۵۵۵، الرقم: ۲۳۰۸۸۔۲۳۰۸۹، والحاکم في المستدرک، ۲ / ۷، الرقم: ←

سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم أَنَّهُ قَالَ: التَّاجِرُ الصَّدُوقُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ يَومَ الْقِيَامَةِ. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سچا (ایمان دار) تاجر قیامت کے دن انبیاء کرام، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ (ان کی رفاقت وصحبت میں) ہوگا۔‘‘

------ ٢١٤٢، وعبد بن حميد في المسند، ١/٢٩٩، الرقم، ٩٦٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/٢٦٦، الرقم: ١٠١٩٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٨٦، الرقم: ١٢٣٠، ٤/٢٢١، الرقم: ٤٨٥٥، والطبراني عن ابن عمر رضي الله عنهما في المعجم الأوسط، ٧/٢٤٣، الرقم: ٧٣٩٤۔

فَصْلٌ فِي ثُـلَاثِيَاتِ الإِمَامِ الْبُخَارِيِّ رضي الله عنه

﴿اِمام بخاری رضی اللہ عنہ سے مروی تین واسطوں کی روایات کا بیان﴾

١٠٧٩ / ٣٩۔ حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ يَقُلْ عَلَيَّ مَالَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے متعلق ایسی بات کہے جو میں نے نہ کہی ہو تو وہ جہنم کے اندر اپنا ٹھکانہ تیار رکھے۔''

١٠٨٠ / ٤٠۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضي الله عنه

الحديث رقم ٣٩: أخرجه البخاری في الصحيح، کتاب: العلم، باب: إثم من كذب على النبي ﷺ، ١ / ٥٢، الرقم: ١٠٩، وابن ماجه عن أبي هريرة رضي الله عنه فی السنن، المقدمة، باب: التغليظ فی الكذب على رسول الله ﷺ، ١ / ١٣، الرقم: ٣٤، وابن حبان عن أبی هريرة رضي الله عنه فی الصحيح، ١ / ٢١٠، الرقم: ٢٨، والحاكم عن أبي قتادة رضي الله عنه فی المستدرك، ١ / ١٩٤، الرقم: ٣٧٩، وَقَالَ الحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وأحمد بن حنبل عن عثمان بن عفان رضي الله عنه فی المسند، ١ / ٦٥، الرقم: ٤٦٩، والبيهقی فی السنن الكبری، ١٠ / ١١٢، والشافعی فی المسند، ١ / ٢٣٩، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٥ / ٢٩٦، الرقم: ٢٦٢٤٩، والبزار فی المسند، ٦ / ٣١، الرقم: ٢١٠٠، والشاشی فی المسند، ١ / ٢٤٩، الرقم: ٢١٥، والطيالسی فی المسند، ١ / ١٤، الرقم: ٨٠، وأبويعلی فی المسند، ١٠ / ٥٠٦، الرقم: ٦١٢٣، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١ / ١٧١، الرقم: ٤٢٦.

الحديث رقم ٤٠: أخرجه البخاری في الصحيح، أبواب: سترة المصلي، باب: قدر كم ينبغي أن تكون بين المصلي والسترة، ١ / ١٨٨، الرقم: ٤٧٥، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصلاة باب: دنو المصلی من السترة، ١ / ٣٦٤، الرقم: ٥٠٨۔ ٥٠٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ٥٤، وأبوعوانة فی المسند، ١ / ٣٩٤، الرقم: ١٤٣٦: ٢ / ٥٦، وابن حبان فی الصحيح، ٥ / ٥٨، الرقم:١٧٦٢، والبيهقی فی السنن الكبری، ٢ / ٢٧٢، الرقم: ٣٢٨٧۔

قَالَ: كَانَ جِدَارُ الْمَسْجِدِ. عِنْدَ الْمِنبَرِ مَا كَادَتُ الشَّاةُ تَجُوْزُهَا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت یزید بن ابی عبید سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسجد کی دیوار منبر کے اتنا قریب تھی کہ جس میں سے بکری نہ گزر سکے۔‘‘

۱۰۸۱ / ۴۱۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ: كُنْتُ آتِي مَعَ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی اللہ عنہ، فَيُصَلِّي عِنْدَ الْأُسْطُوَانَةِ الَّتِي عِنْدَ الْمُصْحَفِ فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ، أَرَاكَ تَتَحَرَّى الصَّلَاةَ عِنْدَ هَذِهِ الْأُسْطُوَانَةِ قَالَ: فَإِنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَتَحَرَّى الصَّلَاةَ عِنْدَهَا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت یزید بن ابی عبید سے روایت ہے کہ میں حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے ساتھ آ کر ستون کے پاس نماز پڑھتا جو مصحف کے پاس ہے۔ میں نے عرض کیا: اے ابومسلم! میں دیکھتا ہوں کہ آپ اس ستون کے پاس نماز پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کے پاس خاص طور پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔‘‘

۱۰۸۲ / ۴۲۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ

الحديث رقم ٤١: أخرجه البخاری في الصحيح، أبواب: سترة المصلي، باب: الصلاة إلى الأسطوانة، ١/١٨٩، الرقم: ٤٨٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: دنو المصلی من السترة، ١/٣٦٤، الرقم: ٥٠٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی توطين المكان في المسجد يصلي فيه، ١/٤٥٩، الرقم: ١٤٣٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٤٨، والبيهقی فی السنن الكبری، ٢/٢٧١، الرقم: ٣٢٨٤.

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: مواقيت الصلاة، باب: وقت المغرب وقال عطاء يجمع المريض بين المغرب والعشاء، ١/٢٠٥، الرقم: ٥٣٦، والترمذی فی السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء فی وقت المغرب، ١/٣٠٤، الرقم: ١٦٤، وأبو داود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: فی وقت المغرب، ١/١١٣، الرقم: ٤١٧، وابن ماجه، فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: ←

عَنْ سَلَمَةَ رضی الله عنه قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ ﷺ الْمَغْرِبَ إِذَا تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت یزید بن ابی عبید سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی الله عنه نے فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نماز مغرب پڑھا کرتے تھے جب کہ سورج پردے میں ہو جاتا۔‘‘

١٠٨٣ / ٤٣۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ رَجُلاً مِنْ أَسْلَمَ أَنْ أَذِّنْ فِي النَّاسِ أَنَّ مَنْ كَانَ أَكَلَ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ، فَإِنَّ الْيَوْمَ عَاشُوْرَاءَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے قبیلہ اسلم کے ایک شخص کو لوگوں میں یہ اعلان کرنے کا حکم دیا کہ جس نے جو کچھ کھالیا ہے تو وہ باقی دن کا

------ وقت صلاة المغرب، ١ / ٢٢٥، الرقم: ٦٨٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤ / ٥٤، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١ / ٣٦٩، الرقم: ١٦٠٣، والطحاوى فى شرح معانى الآثار، ١ / ١٥٤، وأبوعوانة فى المسند، ١ / ٣٠١، الرقم: ١٠٦٣، والبغوى فى شرح السنة، الرقم: ٣٧٢.

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: الصوم، باب: صيام يوم عاشوراء، ٢ / ٧٠٥، الرقم: ١٩٠٣، وفي باب: إذا نوى بالنهار صوما، ٢ / ٦٧٩، الرقم: ١٨٢٤، وفى كتاب: التمني، باب: ماكان يبعث النبي ﷺ من الأمراء والرسل واحدًا بعدُ واحدٍ، ٦ / ٢٦٥١، الرقم: ٦٨٣٧، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الصيام، باب: من أكل فى عاشوراء فليكف بقية يومه، ٢ / ٧٩٨، الرقم: ١١٣٥، والنسائى فى السنن، كتاب: الصيام، باب: أذا لم يجمع من الليل هل يصوم ذلك اليوم من التطوع، ٤ / ١٩٢، الرقم: ٢٣٢١، وابن حبان فى الصحيح، ٨ / ٣٨٤، الرقم: ٣٦١٩، والدارمى فى السنن، ٢ / ٣٦، الرقم: ١٧٦١، والحاكم فى المستدرك، ٣ / ٦٠٨، الرقم: ٦٢٥٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤ / ٤٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤ / ٢٢٠، الرقم: ٧٨٢٤، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٢ / ٣١٢، الرقم: ٩٣٦٧.

روزہ رکھے (یعنی بقیہ دن روزہ دار کی طرح گزارے) اور جس نے کچھ نہیں کھایا وہ (آج) روزہ رکھے کیونکہ آج عاشورہ کا دن ہے۔‘‘

١٠٨٤ / ٤٤۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضي الله عنه قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ إِذْ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ: قَالُوْا : لَا، قَالَ: فَهَلْ تَرَکَ شَيْئًا، قَالُوْا: لَا، فَصَلَّى عَلَيْهِ، ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، صَلِّ عَلَيْهَا، قَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ، قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ فَهَلْ تَرَکَ شَيْئًا قَالُوْا: ثَـلَاثَةَ دَنَانِيرَ، فَصَلَّى عَلَيْهَا ثُمَّ أُتِيَ بِالثَّالِثَةِ، فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا، قَالَ: هَلْ تَرَکَ شَيْئًا قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَهَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ، قَالُوْا: ثَـلَاثَةُ دَنَانِيرَ، قَالَ: صَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ، قَالَ أَبُوْقَتَادَةَ: صَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللهِ! وَعَلَيَّ دَيْنُهُ، فَصَلَّى عَلَيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ ایک جنازہ لایا گیا اور عرض کی گئی کہ اس پر نماز جنازہ پڑھیے۔

الحديث رقم ٤٤: أخرجه البخاری في الصحيح، کتاب: الحوالات، باب: إن إحال دين الميت على رجل جاز، ٢/ ٧٩٩، الرقم: ٢١٦٨، وفی کتاب: الکفالة، باب: من تکفل عن ميت دينا، فليس له يرجع، ٢/ ٨٠٣، الرقم: ٢١٧٣، وفی کتاب: النفقات، باب: قول النبي ﷺ: من ترك كلاًّ أوضياعاً فإلَيّ، ٥/ ٢٠٥٤، الرقم: ٥٠٥٦، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الفرائض، باب: من ترك مالا فلورثته، ٣/ ١٢٣٧، الرقم: ١٦١٩، والترمذی فی السنن، کتاب: الجنائز عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی الصلاة على المديون، ٣/ ٣٨٨، الرقم: ١٠٧٠، وَقَالَ أَبُو عيسى: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، والنسائی فی السنن الکبری، ١/ ٦٣٧، الرقم: ٢٠٨٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/ ٣٨٠، الرقم: ٨٩٣٧، والبغوی فی شرح السنة، الرقم: ٢١٥٣، وابن حبان فی الصحيح، ٧/ ٣٢٩، الرقم: ٣٠٥٩، وابن الجارود فی المنتقى، ١/ ٢٨٠، الرقم: ١١١١، وأبوعوانة فی المسند، ٣/ ٤٤٣، الرقم: ٥٦٢٤، والبيهقی فی السنن الکبری، ٦/ ٧٢، الرقم: ١١١٧٧.

آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس پر قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: نہیں آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس نے کچھ (ترکہ) چھوڑا ہے؟ عرض کیا: نہیں۔ سو آپ ﷺ نے اس پر نماز (جنازہ) پڑھی پھر دوسرا جنازہ آیا اور صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس پر نماز (جنازہ) پڑھیئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس پر قرض ہے؟ عرض کیا: ہاں، فرمایا: کیا اس نے کچھ چھوڑا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: تین دینار (چھوڑے ہیں) سو اس پر آپ ﷺ نے نماز پڑھی۔ پھر تیسرا جنازہ لایا گیا اور عرض کیا گیا: اس پر نماز (جنازہ) پڑھیے۔ فرمایا: کیا اس نے کچھ (ترکہ) چھوڑا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: نہیں فرمایا: کیا اس پر قرض ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: تین دینار (قرض ہیں) فرمایا: تم اپنے ساتھی پر نماز (جنازہ) پڑھ لو۔ حضرت ابو قتادہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس پر نماز پڑھیئے اور اس کا قرض میں ادا کروں گا۔ سو آپ ﷺ نے اس پر بھی نماز جنازہ پڑھی۔‘‘

۱۰۸۵/ ۴۵۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی الله عنه: قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ ﷺ ثُمَّ عَدَلْتُ إِلَى ظِلِّ الشَّجَرَةِ، فَلَمَّا خَفَّ النَّاسُ قَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ أَلاَ تُبَايِعُ، قَالَ: قُلْتُ: قَدْ بَايَعْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: وَأَيْضًا. فَبَايَعْتُهُ الثَّانِيَةَ، فَقُلْتُ لَهُ:يَا أَبَا مُسْلِمٍ، عَلَى أَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تُبَايِعُوْنَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی الله عنه روایت فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے

الحديث رقم ٤٥: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الجهاد، باب: البيعة في الحرب أن لا يفروا، وقال بعضهم: على الموت، ٣/ ١٠٨١، الرقم: ٢٨٠٠، وفى كتاب: المغازى، باب: غزوة الحديبية، ٤/ ١٥٢٩، الرقم: ٣٩٣٦، وفى كتاب: الأحكام، باب: كيف يبايع الإمام الناس، ٦/ ٢٦٣٤، الرقم: ٦٧٨٠، وفى باب: مَنْ بايع مرتين، ٦/ ٢٦٣٥، الرقم: ٦٧٨٢، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال، ٣/ ١٤٨٣، الرقم: ١٨٦٠، وفى كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة ذى قردٍ وغيرها، ٣/ ١٤٣٤، الرقم: ١٨٠٧، والترمذى فى السنن، كتاب: السير عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى بيعة النبى ﷺ، ٤/ ١٥٠، الرقم: ١٥٩٢، وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، والنسائى فى السنن، كتاب: البيعة، باب: البيعة على الموت، ٧/ ١٤١، الرقم: ٤١٥٩، وأحمد حنبل فى المسند، ٤/ ٤٧، ٤٩.

بیعت کر لی۔ پھر میں ایک درخت کے سائے میں چلا گیا۔ جب بھیڑ کم ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن اکوع! کیا تم بیعت نہیں کرتے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں تو بیعت کر چکا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا دوبارہ سہی، سو میں نے دوسری دفعہ بھی بیعت کر لی۔ تو میں نے ان سے پوچھا: اے ابومسلم! آپ حضرات نے اس روز کس بات پر بیعت کی تھی؟ انہوں نے فرمایا: (غلامی رسول ﷺ میں) موت پر۔"

١٠٨٦ / ٤٦۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِي سَاقِ سَلَمَةَ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ، مَا هَذِهِ الضَّرْبَةُ؟ فَقَالَ: هَذِهِ ضَرْبَةٌ أَصَابَتْنِي يَوْمَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّاسُ: أُصِيْبَ سَلَمَةُ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَنفثَ فِيْهِ ثَلاَثَ نَفَثَاتٍ، فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

"حضرت یزید بن ابی عبید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر زخم کا نشان دیکھا تو پوچھا: اے ابومسلم! یہ نشان کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ زخم مجھے غزوۂ خیبر میں آیا تھا۔ لوگ تو یہ کہنے لگے تھے سلمہ کا آخر وقت آ پہنچا ہے لیکن میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا۔ سو آپ ﷺ نے اس (زخم) پر تین مرتبہ دم کیا تو مجھے اب تک کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔"

١٠٨٧ / ٤٧۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ

الحديث رقم ٤٦: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غزوة خيبر، ٤/ ١٥٤١، الرقم: ٣٩٦٩، وأبو داود فى السنن، كتاب: الطب، باب: كيف الرقى، ٤/ ١٢، الرقم: ٣٨٩٤، والبغوى فى شرح السنة، الرقم: ٣٨٠٦۔

الحديث رقم ٤٧: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الديات، باب: إذا قتل نفسه خطأ فلا دية له، ٦/ ٢٥٢٥، الرقم: ٦٤٩٦، وفى كتاب: المغازى، باب: غزوة خيبر، ٤/ ١٥٣٧، الرقم: ٣٩٦٠، وفى كتاب: الأدب، باب: مايجوز من الشعر والرجز والحداء ومايكره منه، ٥/ ٢٢٧٧، الرقم: ٥٧٩٦، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الجهاد والسير باب: غزوة ذى قَرَدٍ، ٣/ ١٤٢٧۔ ١٤٢٨، الرقم: ١٨٠٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٤٧، وأبو عوانة فى المسند، ٤/ ٣١٤، الرقم: ٦٨٣١۔

سَلَمَةَ رضي الله عنه قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ إِلَى خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: أَسْمِعْنَا يَا عَامِرُ مِنْ هُنَيَّاتِكَ فَحَدَا بِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنِ السَّائِقُ قَالُوْا: عَامِرٌ، فَقَالَ: رَحِمَهُ اللهُ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَلَّا أَمْتَعْتَنَا بِهِ، فَأُصِيبَ صَبِيْحَةَ لَيْلَتِهِ، فَقَالَ: الْقَوْمُ: حَبِطَ عَمَلُهُ، قَتَلَ نَفْسَهُ، فَلَمَّا رَجَعْتُ وَهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ، فَجِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي، زَعَمُوْا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ فَقَالَ: كَذَبَ مَنْ قَالَهَا، إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ اثْنَيْنِ، إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ وَأَيُّ قَتْلٍ يَزِيْدُهُ عَلَيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت سلمہ بن اکوع روایت فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوہ خیبر کی طرف نکلے تو لوگوں میں سے ایک نے کہا: اے عامر! کیا آپ ہمیں اپنے اشعار نہیں سنائیں گے؟ چنانچہ انہوں نے اشعار سنائے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ ہانکنے والا کون ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: عامر بن اکوع ہے آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمیں ان سے اور فائدہ اٹھالینے دیتے۔ سو اسی رات کی صبح کو وہ موت کی آغوش میں چلے گئے۔ تو لوگوں نے کہا اس کے عمل ضائع ہوگئے کیونکہ اس نے اپنے آپ کو خود قتل کیا ہے۔ جب میں واپس لوٹا تو لوگ یہی باتیں کررہے تھے کہ عامر کے عمل ضائع ہوگئے ہیں۔ سو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض کیا: یا نبی اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، لوگوں کا یہ خیال ہے کہ عامر کے اعمال ضائع ہوگئے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: جس کسی نے یہ کہا غلط کہا ہے۔ اس کے لیے تو دوگنا اجر ہے وہ تو مشقت اٹھانے والا مجاہد ہے۔ اس کے قتل سے بہتر کس کی موت ہے۔''

۱۰۸۸ / ٤٨ـ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ

الحديث رقم ٤٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجهاد، باب: من رأى العدو فنادى بأعلى صوته ياصباحاه حتى يسمع الناس، ٣/ ١١٠٦، الرقم: ٢٨٧٦، وفى كتاب: المغازى، باب: غزوة ذاتِ القردِ، ٤/ ١٥٣٦، الرقم: ٣٩٥٨، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة ذى قَرَدٍ وغيرها، ٣/ ١٤٣٢ـ ١٤٣٨، الرقم: ١٨٠٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/ ١٣٣، الرقم: ٧١٧٣، والنسائى فى السنن الكبرى، ٦/ ٢٤٣، الرقم: ١٠٨١٤، وأحمد بن حنبل فى ←

سَلَمَةَ رضی الله عنه أَنَّهُ أَخْبَرَهُ قَالَ: خَرَجْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ذَاهِبًا نَحْوَ الْغَابَةِ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْغَابَةِ لَقِيَنِي غُـلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ عَوْفٍ، قُلْتُ: وَيْحَكَ مَابِكَ؟ قَالَ: أُخِذَتْ لِقَاحُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟ قَالَ: غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ، فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ أَسْمَعْتُ مَابَيْنَ لَا بَتَيْهَا: يَاصَبَاحَاهُ يَا صَبَاحَاهُ، ثُمَّ انْدَفَعْتُ حَتَّى أَلْقَاهُمْ وَقَدْ أَخَذُوْهَا، فَجَعَلْتُ أَرْمِيْهِمْ وَأَقُوْلُ:

أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَاسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ قَبْلَ أَنْ يَشْرَبُوْا، فَأَقْبَلْتُ بِهَا أَسُوقُهَا فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ، وَإِنِّي أَعْجَلْتُهُمْ أَنْ يَشْرَبُوْا سِقْيَهُمْ، فَابْعَثْ فِي أَثَرِهِمْ فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ، إِنَّ الْقَوْمَ يُقْرَوْنَ فِي قَوْمِهِمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ سے جنگل کی طرف چلا، پہاڑی پر پہنچا تو حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ کا ایک غلام ملا میں نے کہا، تو ہلاک ہو تو یہاں کیسے آیا؟ اس نے جواب دیا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دودھ دینے والی اونٹنی پکڑی گئی ہے۔ میں نے پوچھا: کس نے پکڑی ہے؟ اس نے جواب دیا: قبیلہ غطفان اور فزارہ کے آدمی لے گئے ہیں۔ پھر میں تین مرتبہ ’’یا صباحاہ‘‘ کے الفاظ کے ساتھ اس زور سے چلایا کہ مدینہ منورہ کے ہر گوشہ میں رہنے والے سن لیں۔ پھر میں نے دوڑ لگائی یہاں تک کہ ان لوگوں کو جا پہنچا۔ سو میں ان کی جانب تیر پھینکنے لگا اور ساتھ یہ کہنے لگا: ’’میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے‘‘ تو میں نے ان کے پانی پینے سے پہلے ہی ان سے اونٹنی چھین لی۔ میں اسے لے کر واپس لوٹا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میری ملاقات ہو گئی۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ لوگ پیاسے تھے اور میں ان کے پانی پینے سے پہلے ہی جلدی سے ان سے

...... المسند، ٤/ ٤٨، وأبو عوانة في المسند، ٤/ ٣٠٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ٨٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٤٢٠، الرقم: ٣٧٠٠٢۔

اونٹنی چھین لایا۔ اُن کے پیچھے کسی کو روانہ کر دیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن اکوع! تم مالک ہو گئے ہو اب نرمی کرو۔ ان کی مہمانی اپنی قوم میں ہو رہی ہو گی۔‘‘

١٠٨٩ / ٤٩۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضي الله عنه بْنِ الْأَكْوَعِ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا أَمْسَوْا يَوْمَ فَتَحُوْا خَيْبَرَ، أَوْقَدُوْا النِّيْرَانَ، قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عَلَامَ أَوْقَدْتُمْ هٰذِهِ النِّيْرَانَ. قَالُوْا: لُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ ،قَالَ: أَهْرِيْقُوْا مَا فِيْهَا، وَاكْسِرُوْا قُدُوْرَهَا. فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ: نُهَرِيْقُ مَافِيْهَا وَنَغْسِلُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَوْ ذَاكَ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ جس روز خیبر فتح ہوا اس شام لوگوں نے آگ جلائی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے یہ آگ کیا چیز پکانے کے لئے جلائی ہے؟ مجاہدین نے عرض کیا: پالتو گدھوں کا گوشت پکانے کے لئے: آپ ﷺ نے فرمایا: جو ہانڈیوں میں ہے اسے الٹ دو اور ہانڈیوں کو توڑ دو۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا: ہم گوشت کو الٹ دیں اور ہانڈیوں کو دھو نہ لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: چلو یونہی کر لو۔‘‘

١٠٩٠ / ٥٠۔ حَدَّثَنَا أَبُوْعَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

الحديث رقم ٤٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الذباح والصيد، باب: آنية المجوس والميتة، ٥/٢٠٩٤، الرقم: ٥١٧٨، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الأضاحى، باب: بيان ماكان من النهى عن أكل لحوم الأضاحى بعد ثلاث فى أول الإسلام وبيان نسخه وإبا حته إلى متى شاء، ٣/١٥٦٣، الرقم: ١٩٧٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الذبائح، باب: لحوم الحمر الوحشية، ٢/١٠٦٥، الرقم: ١٣٩٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٥٠، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦/١٠٢، الرقم: ١١٣٣٣، وأخرجه الحازمي فى الناسخ والمنسوخ، ١/١٥٦، بمعناه من عدة طرق.

الحديث رقم ٥٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الصوم، باب: إذا نوى بالنهار صوما، ٢/٦٧٩، الرقم: ١٨٢٤، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الصيام، باب: صوم يوم عاشوراء، ٢/٧٩٢، الرقم: ١١٢٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٤٨، والبغوى فى شرح السنة، الرقم: ١٧٨٤۔

الْأَكْوَعِ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ رَجُلًا يُنَادِي فِي النَّاسِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ إِنَّ مَنْ أَكَلَ فَلْيُتِمَّ، أَوْ فَلْيَصُمْ، وَمَن لَمْ يَأْكُلْ فَلا يَأْكُلْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت سلمہ بن اکوع ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو عاشورہ کے روز لوگوں میں منادی کرنے کے لئے بھیجا کہ جس نے کھانا کھا لیا وہ روزہ پورا کرے یا اسے چاہیے کہ روزہ رکھے اور جس نے نہیں کھایا وہ نہ کھائے۔''

١٠٩١ / ٥١۔ حَدَّثَنَا أَبُوْعَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ. قَالُوْا: لَا، فَصَلَّى عَلَيْهِ ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى، فَقَالَ: هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: صَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ قَالَ أَبُوْقَتَادَةَ: عَلَيَّ دَيْنُهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَصَلَّى عَلَيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت سلمہ بن اکوع ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت

الحديث رقم ٥١: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الكفالة، باب: من تكفل عن ميت دَينا فليس له أن يرجع وبه قال: الحسن، ٢/ ٨٠٣، الرقم: ٢١٧٣، وفي كتاب: الحوالات، باب: إن إحال دين الميت على رجل جاز، ٢/ ٧٩٩، الرقم: ٢١٦٨، وفى كتاب: الكفالة، باب: من تكفّل عن ميت دَينا، فليس له يرجع، ٢/ ٨٠٣، الرقم: ٢١٧٣، وفى كتاب: النفقات، باب: قول النبي ﷺ: من ترك كلًّا أوضياعا فإليّ، ٥/ ٢٠٥٤، الرقم: ٥٠٥٦، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الفرائض، باب: من ترك مالا فلورثته، ٣/ ١٢٣٧، الرقم: ١٦١٩، والترمذى فى السنن، كتاب: الجنائز عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى الصلاة على المديون، ٣/ ٣٨٨، الرقم: ١٠٧٠، وَقَالَ أَبو عيسى: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، والنسائى فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: الصلاة على من عليه دَين، ٤/ ٦٥، الرقم: ١٩٦٠۔ ١٩٦١، والبغوى فى شرح السنة، الرقم: ٢١٥٣، وابن حبان فى الصحيح، ٧/ ٣٢٩، الرقم: ٣٠٥٩، وابن الجارود فى المنتقى، ١/ ٢٨٠، الرقم: ١١١١، وأبو عوانة فى المسند، ٣/ ٤٤٣، الرقم: ٥٦٢٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٣٨٠، الرقم: ٨٩٣٧۔

اقدس میں ایک جنازہ لایا گیا تاکہ آپ ﷺ اس پر نماز (جنازہ) پڑھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس پر کوئی قرض ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: نہیں تو آپ ﷺ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی۔ پھر دوسرا جنازہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس پر کچھ قرض ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے ساتھی پر نماز پڑھو۔ حضرت ابوقتادہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا قرض میں ادا کروں گا، پھر آپ ﷺ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی۔‘‘

١٠٩٢ / ٥٢۔ حَدَّثَنَا أَبُوعَاصِمٍ الضَّحَّاکُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَکْوَعِ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ رَأَى نِيْرَانًا تُوْقَدُ يَوْمَ خَيْبَرَ، قَالَ: عَلَى مَا تُوْقَدُ هَذِهِ النِّيْرَانُ. قَالُوْا: عَلَى الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ، قَالَ: اکْسِرُوْهَا وَأَهْرِقُوْهَا. قَالُوْا: أَلاَ نُهَرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: اغْسِلُوْا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے خیبر کے روز آگ جلتی ہوئی دیکھ کر فرمایا: یہ کیوں جلائی ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: پالتو گدھوں کا گوشت (پکانے کے لئے)۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: ہانڈیاں توڑ دو اور اسے بہا دو۔ صحابہ نے عرض کیا: کیا ہم ایسا نہ کریں کہ اسے الٹ دیں اور ہانڈیاں دھو لیں، آپ ﷺ نے فرمایا: انہیں دھو لو۔‘‘

الحديث رقم ٥٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: المظالم، باب: هل تکسر الدِّنَانُ الَّتِي فيها الخَمْرُ، أو تُخَرَّقُ الزِّقَاق، فإِنَ کسر صَنَمًا، أو صَلِيبًا أو طُنْبُورًا أَوُ ما لَا يُنْتَفَعُ بِخَشِبِه، ٢ / ٨٧٦، الرقم: ٢٣٤٥، وفي کتاب: الذباح والصيد، باب: آنية المجوس والميتة، ٥ / ٢٠٩٤، الرقم: ٥١٧٨، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الأضحی، باب: بيان ملکان من النهی عن أکل لحوم الأضاحی بعد ثلاث فی أول الإِسلام وبيان شخه وإِبا حته إِلی متی شاء، الرقم: ١٩٧٤، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الذبائح، باب: لحوم الحمر الوحشية، ٢ / ١٠٦٠، الرقم: ٣٩٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ٥٠.

١٠٩٣ / ٥٣۔ حَدَّثَنَا أَبُوعَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَغَزَوْتُ مَعَ بْنِ حَارِثَةَ، اسْتَعْمَلَهُ عَلَيْنَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت یزید بن ابو عبید سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے سات غزوات میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک ہونے کا شرف حاصل کیا ہے اور اس غزوہ میں بھی شریک تھا جس میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ نے ہمارا امیر بنایا تھا۔‘‘

١٠٩٤ / ٥٤۔ حَدَّثَنَا أَبُوعَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ وَفِي بَيْتِهِ مِنْهُ شَيْءٌ. فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا عَامَ الْمَاضِي؟ قَالَ: كُلُوْا وَأَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا، فَإِنَّ ذٰلِكَ الْعَامَ كَانَ بِالنَّاسِ جَهْدٌ، فَأَرَدْتُ أَنْ تُعِيْنُوْا فِيْهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے قربانی کرے تو تیسرے روز کی صبح اس کے گھر میں قربانی کا گوشت نہیں ہونا چاہیے

الحديث رقم ٥٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازى، باب: بعث النبى ﷺ أسامة بن زيد إلى الحرقات من جهينة، ٤/ ١٥٥٦، الرقم: ٤٠٢٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: عدد غزوات النبى ﷺ، ٣/ ١٤٤٧، الرقم: ١٨١٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/ ١٣٩، الرقم: ٧١٧٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/ ٢٤١، الرقم: ٤٩٦١، ٦٣٨٣، وأبو عوانة فى المسند، ٤/ ٣٥٥، الرقم: ٦٩٥٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٥٤.

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأضاحي، باب: ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يُتَزَوَّدُ منها، ٥/ ٢١١٥، الرقم: ٥٢٤٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الأضاحي، باب: بيان ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي بعد ثلاث فى أول الإسلام وبيان نسخه وإباحة إلى متى شاء، ٣/ ١٥٦٣، الرقم: ١٩٧٤.

جب اگلا سال آیا تو صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا اب بھی ہم اسی طرح کریں جیسے پچھلے سال کیا تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کھاؤ، کھلاؤ اور جمع بھی کر لو کیونکہ وہ سال تنگی کا تھا تو میرا ارادہ ہوا کہ تم اس (تنگی) میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔‘‘

١٠٩٥ / ٥٥۔ حَدَّثَنَا أَبُوْعَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ رضی الله عنه قَالَ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ ﷺ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، فَقَالَ لِي: يَا سَلَمَةُ أَلاَ تُبَايِعُ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَدْ بَايَعْتُ فِي الْأَوَّلِ، قَالَ: وَفِي الثَّانِي.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

